http://e.tashakurnews.com
info@tashakurnews.com
facebook.com/tashakurnews
twitter.com/RTashakur

اشاعت کے مسلسل 22 سال
ABC Certified
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

کراچی، حیدرآباد، لاہور اور اسلام آباد میں بیک وقت پڑھا جانے والا روزنامہ

ہم ظلم مٹانے نکلے ہیں ⊙ آؤ ہمارے ساتھ چلو ⊙ ہم ارضِ وطن کے رکھوالے ہیں ⊙ آؤ ہمارے ساتھ چلو

REG # 12(2411)/22
روزنامہ
چیف ایڈیٹر: علی منصور
تشکر نیوز کراچی

جلد : 22 | 27 ربیع الثانی 1446ھ جمعرات 31 اکتوبر 2024ء (قیمت 15 روپے) | شمارہ : 241



سعودی عرب کا پاکستان میں 2.8 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری کرنے کا اعلان

وزیراعظم 2 روزہ دورے پر قطر پہنچ گئے

وزیراعظم کی خصوصی کاوشوں سے سعودی عرب کی جانب سے پاکستان میں مزید 600 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری ہوئی، تعلقات کو مزید فروغ دینے اور سرمایہ کاری میں اضافے پر بھی گفتگو

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سعودی عرب نے پاکستان میں سرمایہ کاری 2.2 ارب ڈالر سے بڑھا کر 2.8 ارب ڈالر کرنے کا اعلان کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق وزیرِاعظم شہباز شریف کی قیادت میں پاکستان میں بیرونی سرمایہ کاری میں اضافے کا سلسلہ جاری ہے، اپنے حالیہ دورہ سعودی عرب کے دوران وزیرِاعظم کی خصوصی کاوشوں سے سعودی عرب کی جانب سے پاکستان میں مزید 600 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری ہوئی۔ سعودی عرب کے سرمایہ کاری وفد کے اکتوبر (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 1)



امیت شاہ نے کینیڈین شہریوں کیخلاف انٹیلی جنس آپریشن کا حکم دیا

کینیڈین نائب وزیر خارجہ

مونٹریال (مانیٹرنگ ڈیسک) کینیڈین نائب وزیر خارجہ ڈیوڈ موریسن نے ایک اہم بیان میں کہا ہے کہ بھارتی وزیر داخلہ امیت شاہ نے کینیڈین شہریوں کے خلاف انٹیلی جنس آپریشن کا حکم دیا تھا۔ یہ بیان ہردیپ سنگھ نجر کے قتل کیس کے سلسلے میں قومی سلامتی کمیٹی کے سامنے دیا گیا۔ موریسن نے بتایا کہ انہوں نے امریکی اخبار میں امیت شاہ کے نام کی تصدیق کی تھی، جو اس معاملے میں ایک اہم شواہد فراہم کرتا ہے۔ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 2)

ایف بی آر میں پاکستان کسٹمز گروپ کے افسران کے تبادلے اور تقرریاں

کراچی (اسٹاف رپورٹر) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے پاکستان کسٹمز گروپ کے گریڈ بیس اور اکیس کے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 3)

بنوں: فتنہ الخوارج کیخلاف آپریشن میں 8 دہشتگرد ہلاک

میجر سمیت 3 جوان

میجر عاطف خلیل کا تعلق آزاد کشمیر کے ضلع سدھنوتی سے تھا، میجر عاطف خلیل شہید کی عمر 31 سال ہے، میجر عاطف خلیل شہید نے 8 سال سے زائد عرصے تک دفاعِ وطن کا مقدس فریضہ سرانجام دیا، شہید نے سوگواران میں اہلیہ اور ایک بیٹی شامل ہے، ترجمان پاک فوج

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) سیکیورٹی فورسز نے خیبر پختونخوا کے ضلع بنوں میں فتنہ الخوارج کے خلاف آپریشن کرتے ہوئے 8 دہشتگردوں کو ہلاک کر دیا جبکہ میجر سمیت 3 جوان بھی شہید ہوگئے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق سیکیورٹی فورسز نے بنوں کے علاقے بکا خیل میں خفیہ اطلاعات کی بنیاد پر آپریشن کیا اور اس دوران فائرنگ کا تبادلہ ہوگیا، جس کے نتیجے میں 8 دہشتگرد ہلاک اور 7 زخمی ہوگئے۔ ترجمان پاک فوج نے بتایا کہ دہشتگردوں کے خلاف آپریشن کی قیادت میجر عاطف خلیل کر رہے تھے، جو شدید فائرنگ کے تبادلے میں دو جوانوں کے ساتھ شہید ہوگئے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق میجر عاطف خلیل کا تعلق آزاد کشمیر کے ضلع سدھنوتی سے تھا، میجر عاطف خلیل شہید کی عمر 31 سال ہے، میجر عاطف خلیل شہید نے 8 سال سے زائد عرصے تک (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 48)

دوحہ: وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف کا قطر پہنچنے پر استقبال کیا جا رہا ہے

پی ٹی آئی رہنماؤں کی گنڈاپور کی شکایتیں، عمران خان کی نئی احتجاجی کمیٹی بنانے کی ہدایت

عمران خان نے اسٹیبلشمنٹ سے ڈیل کی خبروں کو جھوٹ قرار دیدیا

قاضی فائز عیسیٰ کے متعلق بانی پی ٹی آئی نے کہا کہ انہوں نے تو جسٹس منیر کی یاد کو بھی بھلا دیا، قاضی فائز نے فراڈ الیکشن کو تحفظ دیا، نیب ترمیم اسلئے منظور کیں کہ اس میں وہ خود بینیفشری تھے، قاضی فائز کی بھی لندن میں 3 پراپرٹیز تھیں، وہ تاریخ کے بدترین چیف جسٹس ثابت ہوئے، جوڈیشری کے بجائے بیوروکریسی سے آر اوز لیکر فراڈ الیکشن کی بنیاد رکھی، شعیب شاہین

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) پی ٹی آئی رہنما شعیب شاہین نے بتایا ہے کہ بانی پی ٹی آئی نے اسٹیبلشمنٹ سے ڈیل کی خبروں کو جھوٹ قرار دیا ہے۔ اڈیالہ جیل میں عمران خان سے ملاقات کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے شعیب شاہین نے ملاقات میں ہونے والی بات چیت پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے بتایا کہ بانی پی ٹی آئی نے کہا ہے کہ جو انسانی حقوق کی خلاف ورزی ہوئی ہے اس پر سپریم کورٹ جاں گا، پہلے دس دن چھوٹے سے کمرے میں بند رکھا گیا اور اگلے دس دن صرف ایک گھنٹہ باہر نکلنے کی اجازت تھی، فیملی اور وکلا سے بھی نہیں ملنے دیا گیا، جبکہ نواز شریف ،(باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 4)

چیئرمین چیفس آف اسٹاف کمیٹی جنرل ساحر شمشاد مرزا آذربائیجان کے صدر سے ملاقات کر رہے ہیں

REG # 12(2411)/22
روزنامہ
چیف ایڈیٹر: علی منصور
تشکر نیوز کراچی
WHATTS APP
EviCrypt
EviFile
END To-END Encryption

واٹس ایپ اکاؤنٹس کی ہیکنگ میں تشویشناک اضافہ، بچا کس طرح جائے؟

اپنے موبائل نمبر پر آنیوالے خفیہ کوڈ کسی سے بھی شیئر نہ کریں، ماہرین

پاکستانی صارفین کے واٹس ایپ اکاؤنٹ ہیک کیے جانے کی شکایات میں خاصا اضافہ ہوگیا ہے۔ ایف آئی اے کو یکم جولائی سے اب تک ایک ہزار 426 شکایات موصول ہوئی ہیں۔ تاہم یہ تو وہ شکایات ہیں جو رپورٹ ہوئی ہیں جبکہ اکاؤنٹ ہیک ہونے کے واقعات اس سے زیادہ ہو سکتے ہیں۔ وفاقی ادارے کے اعداد و شمار کے مطابق 1,426 مقدمات درج کیے گئے جن میں سے 549 اکاؤنٹس کو کامیابی سے بحال کر دیا گیا ہے۔

ایف آئی اے اس وقت 877 فعال شکایات پر کارروائی کر رہی ہے جن میں سے 817 کی تصدیق ابھی جاری ہے جبکہ 20 غیر حل شدہ کیسز کو اب باقاعدہ انکوائریوں کی طرف بڑھا دیا گیا ہے۔ ان ہیک کیے گئے اکاؤنٹس کی تفصیلات سینیٹ میں جمع کرا دی گئی ہیں۔ ایف آئی اے نے یہ بھی نوٹ کیا کہ 40 شکایات ہیں جن کا کوئی جواب یا پیش رفت رپورٹ موصول نہیں ہوئی۔ ایف آئی اے سائبر کرائم ونگ نے صارفین پر زور دیا ہے کہ وہ اپنے اکاؤنٹس کو محفوظ رکھنے کے لیے مضبوط حفاظتی طریقہ کار اختیار کریں۔

ہیکنگ سے کس طرح بچا جائے؟

آئی ٹی ماہرین کے کہنا ہے کہ ان دنوں واٹس ایپ، فیس بک یا دیگر سوشل میڈیا اکاؤنٹس کے ہیک ہونے کے واقعات سامنے آ رہے ہیں۔ ان کیسز پر اگر نظر ڈالی جائے تو اندازہ ہوتا ہے کہ شہری کئی بار کچھ اہم معاملات کو نظر انداز کرتے ہیں جیسے اپنی آئی ڈی کو کسی بھی عوامی مقام پر استعمال ہونے والے کمپیوٹر پر سائن اِن کرنے کے بعد صرف آئی ڈی کو لاگ آٹ کرتے ہیں، کیوں کہ وہ یہ گمان کرتے ہیں کہ یہ آئی ڈی اب کوئی نہیں کھول سکتا۔ لیکن کمپیوٹر کی ہسٹری میں ان کا آئی ڈی اور پاس ورڈ محفوظ ہو جاتا ہے، اور کوئی بھی اسے بعد میں کھول سکتا ہے جس کے باعث یہ ضروری ہے کہ کوئی بھی فرد جب اپنی آئی ڈی کسی بھی سسٹم میں لاگ اِن کرے تو براوزر کی ہسٹری کو بھی ضرور ریموو کرے۔

شہریوں کو یہ بھی سمجھنا چاہیے کہ کسی بھی نامعلوم نمبر سے آنے والے لنک کو نہ کھولیں۔ اس سے بھی ان کی آئی ڈی ہیک ہو سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس کے علاوہ اپنے موبائل نمبر پر آنے والے خفیہ کوڈ کسی سے بھی شیئر نہ کریں۔ سوشل ایپلیکشنز کی جانب سے اب اپنے پلیٹ فارمز کو محفوظ بنانے کے لیے مختلف اقدامات کیے گئے ہیں جس کے باعث ہیکنگ مشکل ہوگئی ہے، لیکن کوئی شہری اگر دانستہ یا غیر دانستہ طور پر اپنا سکیورٹی کوڈ کسی سے شیئر کرتا ہے تو اس کی آئی ڈی ہیک ہونے کے خدشات بڑھ جائیں گے۔

سوشل میڈیا پلیٹ فارمز ست روی کے شکار، پی ٹی اے کی انوکھی منطق سامنے آگئی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) انٹرنیٹ میں خلل کے باعث سوشل میڈیا پلیٹ فارمز ست روی کے شکار ہیں جس حوالے سے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 5)

سپریم کورٹ شہریوں کے بنیادی حقوق چھین لے

یہ ناقابل تصور ہے

جسٹس اطہر

عوام یہ سمجھیں کہ بنیادی حقوق کے محافظ خود حقوق محدود کرنے میں ملوث ہیں تو ان کا اعتماد ختم ہو جائے گا، عوامی اعتماد ختم ہوا تو عدلیہ کی آزادی کمزور پڑ جائے گی، سپریم کورٹ کے پاس تلوار یا خزانے کا کوئی کنٹرول نہیں، اضافی نوٹ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ کے جسٹس اطہر من اللہ کا کہنا ہے کہ آئین ریاست کو ایسی قانون سازی سے روکتا ہے جو بنیادی حقوق کو ختم یا محدود کرے، یہ ناقابل تصور ہے کہ سپریم کورٹ شہریوں کے بنیادی حقوق چھین لے، عوامی اعتماد ختم ہوا تو عدلیہ کی آزادی کمزور (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 6)



وزیراعلیٰ علی امین گنڈاپور پر پارٹی صدارت چھوڑنے کا دباؤ

پشاور (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف کے رہنماؤں کی جانب سے وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور پر پارٹی کی صوبائی صدارت چھوڑنے کیلئے دباؤ دیا جانے لگا ہے۔ پی ٹی آئی رہنماؤں کے وزیر اعلیٰ علی امین گنڈاپور کے ساتھ ہونے والے اجلاس کی اندرونی کہانی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 7)



چیئرمین جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کمیٹی کی آذربائیجان کے صدر سے ملاقات

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) چیئرمین جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کمیٹی جنرل ساحر شمشاد مرزا نے آذربائیجان کے سرکاری دورے کے دوران آذربائیجان کے صدر الہام (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 9)

بھارت سے ’را‘ اہلکار کی حوالگی کا مطالبہ کر سکتے ہیں، امریکہ کا بڑا اعلان

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکا نے بھارت کے کسی بھی سفارت کار کو نکالنے سے متعلق خبروں کی تردید کی ہے۔ معمول کی پریس بریفنگ میں محکمہ خارجہ کے ترجمان میتھیو ملر نے کہا کہ کینیڈا اور بھارت کے درمیان پائی جانے والی کشیدگی سے امریکا کا کوئی تعلق نہیں۔ دونوں ملک (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 8)

27 ویں ترمیم کی منظوری کیلئے حکمران اتحاد تذبذب کا شکار

ستائیس ویں آئینی ترمیم کے معاملے پر ن لیگ کی پیپلز پارٹی سے ہچکچاہٹ، جبکہ بلاول نے ایک بار پھر ستائیس ویں ترمیم منظور کرانے کا بیڑا اٹھا لیا ہے، فضل الرحمٰن کی طرف سے ستائیس ویں ترمیم کو دوٹوک انکار نے حکومت کو پریشان کر دیا، جبکہ ن لیگ ستائیس ویں ترمیم کی منظوری کے لئے پیپلز پارٹی سے ایک قدم پیچھے ہٹ گئی ہے، ذرائع

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ستائیس ویں ترمیم کی منظوری کے لیے حکمران اتحاد تذبذب کا شکار ہو کے رہ گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق ستائیس ویں آئینی ترمیم کے معاملے پر ن لیگ کی پیپلز پارٹی سے ہچکچاہٹ، جبکہ بلاول نے ایک بار پھر ستائیس ویں ترمیم منظور کرانے کا بیڑا اٹھا لیا ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ مولانا فضل الرحمان کی طرف سے ستائیس ویں ترمیم کو دو ٹوک انکار نے حکومت کو پریشان کر دیا، جبکہ ن لیگ ستائیس ویں ترمیم کی منظوری کے لئے پیپلز پارٹی سے ایک قدم پیچھے ہٹ گئی ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ ن لیگ واضح طور ستائیس ویں ترمیم پر دو حصوں میں تقسیم ہوگئی ہے، اعظم نذیر تارڑ سمیت متعدد سینئر راہنما جسٹس منصور علی شاہ کو چیف جسٹس نہ بنانے پر پہلے ہی تحفظات رکھتے ہیں۔ ن لیگ اور پیپلز پارٹی کے اندر سے ستائیس ویں ترمیم کے خدوخال پر تحفظات کا اظہار آوازیں اٹھنا شروع ہوگئیں ہیں جبکہ ستائیس ویں ترمیم کو لیکر اتحادیوں کے اندر سب کچھ ٹھیک نہیں ہے۔

آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی سے قبل نیشنل سٹیڈیم کراچی کی اپ گریڈیشن کا ٹاسک، محسن نقوی کا دورہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی سے قبل نیشنل بینک کرکٹ سٹیڈیم کراچی کی اپ گریڈیشن کا ٹاسک۔ نیشنل بینک کرکٹ سٹیڈیم اپ گریڈیشن پراجیکٹ تیزی سے آگے بڑھنے لگا۔ چیرمین پاکستان کرکٹ بورڈ محسن نقوی نے نیشنل بینک کرکٹ سٹیڈیم کراچی کا دورہ کیا۔ چیرمین پی سی بی محسن نقوی نے پراجیکٹ پر پیش رفت کا جائزہ لیا اور (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 11)



اوورسیز پاکستانیوں کیلئے خصوصی عدالت اور ڈپازٹ پروٹیکشن کارپوریشن ترمیمی بل منظور

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) صدر مملکت آصف علی زرداری نے آئین کے آرٹیکل 75 کے تحت خصوصی عدالت) اوورسیز پاکستانی پراپرٹی (بل 2024 اور ڈپازٹ پروٹیکشن کارپوریشن ترمیمی بل 2024 کی منظوری دے دی۔ صدر آصف علی زرداری نے خصوصی عدالت اوورسیز (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 10)



سندھ میں سیلاب سے نمٹنے کیلئے 8.25 کھرب روپے مختص

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ میں آئندہ دس سال کے دوران ممکنہ سیلاب سے نمٹنے کے لیے آٹھ کھرب چوبیس ارب روپے مختص کر دیے گئے۔ شہروں میں ممکنہ سیلاب سے بچا کے منصوبے دو مرحلوں میں بنائیں جائیں گے۔ محکمہ بین الصوبائی رابطہ نے محکمہ آبپاشی کو (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 12)

ایڈیشنل آئی جی کراچی کی زیرصدارت آئیڈیاز 2024ء کی سیکورٹی کے حوالے سے اہم اجلاس

کراچی (رپورٹ عامر صابر) ایڈیشنل آئی جی کراچی جاوید عالم اوڈھو کی قیادت میں ایکسپوسینٹر میں منعقد ہونے والی نمائش "آئیڈیاز" 2024 کے سیکورٹی اقدامات کا جائزہ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 47)

انسانیت کی بدترین تذلیل، صیہونی فوج نے 200 فلسطینیوں کو نیم برہنہ کر دیا

غزہ پر اسرائیلی بمباری جاری 24 گھنٹے میں 143 فلسطینی شہید

متعدد فلسطینیوں کے تمام کپڑے اترو ادیے، گرفتار افراد میں زیادہ تر مرد تھے جبکہ ایک بچہ بھی ان کے ساتھ دیکھا گیا، انہیں نیم برہنہ حالت میں کیمپ کے

ملبے پر کئی گھنٹے تک سردی میں بٹھائے رکھا، جبکہ صیہونی فوج کے سپاہی نیم برہنہ بے بس افراد کی تصاویر بناتے رہے، امریکی میڈیا کا انکشاف

غزہ (مانیٹرنگ ڈیسک) غزہ میں فلسطینیوں کی نسل کشی کا سلسلہ جاری ہے۔ چوبیس گھنٹے میں 143 فلسطینیوں کو شہید کردیا۔ صرف شمالی غزہ میں 108 فلسطینی شہید ہوئے، شہدا (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 15)



تحقیقات کے شعبے کی بہتری کے لیے ہر ممکن اقدامات کررہے ہیں، آئی جی سندھ

کراچی (رپورٹ ہارون انصاری) سندھ پولیس نے تفتیش کے شعبے میں مزید بہتری لانے کے لیے پولیس اسٹیشن ریکارڈ مینجمنٹ سسٹم کو کیس فلو مینجمنٹ سسٹم سے منسلک کرنے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 16)

بجلی صارفین کے لئے اچھی خبر، فی یونٹ 70 پیسے کم

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ایک ماہ کے لیے بجلی کی قیمت میں فی یونٹ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 46)

کھانا تیار نہ کرنے پر حاملہ بیوی کو قتل کرنے والا شوہر گرفتار

ملزم حضرت بلال نے اپنی حاملہ بیوی اسما کو چھریوں کے وار کر کے شدید زخمی کیا تھا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سائٹ ایریا انویسٹی گیشن پولیس نے کھانا (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 13)

اسد عمر نے پیپلز پارٹی میں شمولیت کی خبروں کی تردید کردی

لاہور (بیورو رپورٹ) سابق وفاقی وزیر اسد عمر نے پیپلز پارٹی میں شمولیت (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 14)

عوام پر کسی کو مسلط نہیں کیا جاسکتا

مولانا فضل الرحمن

آئین کہتا ہے قرآن وسنت کے منافی کوئی قانون نہیں ہوگا، آئین میں عوام کی شراکت داری کو تسلیم کیا گیا ہے، عوام پر

کسی کو مسلط نہیں کیا جاسکتا، حکمرانی کا حق عوام کے منتخب کردہ نمائندوں کو ہے، سربراہ جے یو آئی کا جلسے سے خطاب

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) جمعیت علمائے اسلام (جے یو آئی) کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ عوام پر کسی کو مسلط نہیں کیا جاسکتا۔ جمعیت علمائے اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے جلسے سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہمارے آئین کی بنیاد اسلام پر ہے، (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 45)

کراچی: وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ سے چیمبر آف کامرس کا وفد انجم نثار زہرہ کی قیادت میں ملاقات کر رہا ہے

آئیڈیاز 2024ء کا انعقاد 19 سے 22 نومبر تک ہوگا

وزیر اعلیٰ سندھ

ایونٹ میں جدید ترین دفاعی ٹیکنالوجی کی نمائش، بین الاقوامی سیمینار اور تاجروں کے حکومت کیساتھ رابطوں سمیت کئی قابل ذکر سرگرمیاں ہونگی

سندھ حکومت اس غیر معمولی نمائش کے انعقاد کے لیے تمام مدد اور تعاون فراہم کرے گی، سید مراد علی شاہ کی یقین دہانی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیراعلی سندھ مراد علی شاہ نے کہا ہے کہ آئیڈیاز 2024 سے نہ صرف پاکستان کے عالمی شراکت داروں سے اسٹرٹیجک تعلقات بہتر ہوں گے بلکہ پاکستان سمیت دنیا بھر کے وفود، کاروباری نمائندوں، دفاعی حکام اور اسلحہ سازوں کے درمیان (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 17)

بلوچستان میں پولیو کا ایک اور کیس سامنے آ گیا

ملک بھر میں رواں سال پولیو کیسز کی تعداد 3 4 ہوگئی

کوئٹہ (بیورو رپورٹ) بلوچستان میں پولیو کا ایک اور کیس سامنے آ گیا، ملک بھر میں رواں سال پولیو کیسز کی تعداد 43 ہوگئی۔ بلوچستان کے علاقے چاغی سے رواں سال پولیو (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 44)

ملک میں ٹیلی ویژن نہیں صرف ریڈیو چلے گا، افغان طالبان کا اعلان

کابل (مانیٹرنگ ڈیسک) طالبان نے ٹیلی وژن نہیں صرف ریڈیو چلے گا کا نیا فیصلہ جاری کیا ہے۔ سعودی میڈیا رپورٹ کے مطابق آزادیوں کو محدود کرنے اور افغانستان میں سخت قوانین نافذ کرنے کی طرف قدم بڑھاتے ہوئے طالبان نے ٹیلی وژن چینلوں سے کہا (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 43)

جعلی نمبر پلیٹ لگا کر گاڑی چلانے والا انسپکٹر نوکری سے برطرف

ڈی آئی جی ویسٹ کے نوٹیفکیشن کے مطابق انسپکٹر رانا محمد حسیب کو نوکری سے برطرف کردیا گیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) جعلی نمبر پلیٹ لگا کر گاڑی چلانے کی پاداش میں سندھ پولیس کے انسپکٹر کو نوکری سے برخاست کردیا گیا۔ ڈی آئی جی ویسٹ کی جانب سے جاری (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 21)

انسولین اب ہر کسی کو نہیں ملے گی، نئی سخت پابندیاں عائد

کراچی (اسٹاف رپورٹر) انسولین اب ہر کسی کو نہیں ملے گی، نئی سخت پابندیاں عائد، محکمہ پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر نیا انسولین کی فراہمی بارے نئے ایس او پیز جاری کر دیئے۔ تمام ہسپتالوں کے سربراہان کو نئے ایس او پیز پر عمل درآمد کے احکامات دے دیے گئے۔ نوٹیفکیشن (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 20)

کراچی میں بچی سے زیادتی وقتل کا تیسرا ملزم بھی گرفتار

اس سے قبل پولیس گنگا ریپ اور قتل میں ملوث دو ملزمان کو گرفتار کرچکی ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی میں 12 سالہ بچی گنگا سے زیادتی اور قتل کا تیسرا اور آخری ملزم بھی گرفتار ہوگیا۔ ساؤتھ زون انویسٹیگیشن پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 18)

سندھ کے 11 اسپتالوں، میڈیکل کالجوں کی مرمت کا فیصلہ

جناح پوسٹ گریجویٹ میڈیکل سینٹر کراچی، خیرپور میڈیکل کالج اسپتال کی

مرمت اور خیرپور میڈیکل کالج، نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف چائلڈ کراچی کی بھی مرمت

کراچی (اسٹاف رپورٹر) صوبہ سندھ بھر کے 11 اسپتالوں اور میڈیکل (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 42)

کزن سے شادی نہ کرانے پر نوجوان نے ماں، 2 بہنیں، بہنوئی قتل کرکے خودکشی کرلی

سانگھڑ (بیورو رپورٹ) سانگھڑ میں پسند کی شادی نہ کرانے پر ملزم نے طیش میں آ کر اپنا ہی گھر اجاڑ دیا۔ ملزم نے فائرنگ کر کے پہلے اپنی ماں، دو بہنوں اور بہنوئی کو قتل کیا، اس کے بعد مبینہ طور پر خودکشی کرلی۔ واقعہ جھول تھانے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 41)

شیر شاہ پل پر کنٹینر موٹر سائیکل پر گر گیا، ایک شخص شدید زخمی

حادثے میں ایک گاڑی کو بھی نقصان پہنچا، حادثے کے بعد ڈرائیور ٹرک سمیت فرار ہوگیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی کے علاقے شیر شاہ پل پر کنٹینر چلتی موٹر سائیکل پر گر گیا۔ ریسکیو حکام کے مطابق حادثے میں موٹر سائیکل سوار شدید زخمی ہو گیا۔ حکام کا کہنا ہے کہ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 22)

نجی اسکولز میں 10 فیصد بچوں کو مفت تعلیم دینے کیخلاف سماعت ملتوی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ ہائی کورٹ نے محکمہ تعلیم کے نوٹیفکیشن کیخلاف دائر درخواست کی سماعت 27 نومبر تک ملتوی کردی۔ عدالت میں محکمہ تعلیم کے نوٹیفکیشن کے خلاف نجی اسکولز کی جانب سے دائر کی گئی درخواست کی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 23)

کراچی کے علاقے کورنگی میں ہالووین پارٹی پر پولیس کا دھاوا

ہالووین پارٹی میں نشہ آور چیزوں کے استعمال اور شور شرابے کی وجہ سے اہل محلّہ نے

پولیس سے شکایت کی، پولیس نے فوری طور پر پارٹی کی جگہ پر پہنچ کر تقریب کو بند کردیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی کے علاقے کورنگی میں ہالووین پارٹی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 19)

17 ویں چیف آف دی نیول اسٹاف امیچور گالف کپ کا مارگلہ گرینز گالف کلب میں آغاز

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) 17 ویں چیف آف دی نیول اسٹاف امیچور گالف کپ 2024 کی افتتاحی تقریب اور میڈیا بریف کا مارگلہ گرینز گالف کلب اسلام آباد میں انعقاد (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 39)

مانیٹری پالیسی کا اعلان 4 نومبر کو ہوگا، شرح سود میں 2 فیصد تک کمی کا امکان

کراچی (اسٹاف رپورٹر) اسٹیٹ بینک مانیٹری پالیسی کا اعلان 4 نومبر کو کرے گا جبکہ تجزیہ کاروں نے شرح سود میں 2 فیصد تک کمی کا امکان ظاہر کردیا۔ اسٹیٹ بینک کی مانیٹری پالیسی کمیٹی کا اجلاس گورنر اسٹیٹ بینک کی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 40)

کراچی: چیئرمین پی سی بی، وزیر داخلہ محسن نقوی نیشنل اسٹیڈیم کے تعمیراتی کام کا معائنہ کر رہے ہیں

دم کرنے کے بہانے خواتین کیساتھ غیر اخلاقی حرکتیں کرنیوالا جعلی عامل گرفتار

ملزم کو پہلے بھی کورنگی میں خواتین سے غیر اخلاقی حرکتیں کرنے پر کام سے نکالا گیا تھا، پولیس حکام

کراچی (اسٹاف رپورٹر) دم کرنے کے بہانے خواتین کے ساتھ غیر اخلاقی حرکتیں کرنے والا جعلی عامل پکڑا گیا۔ تفصیلات کے مطابق کراچی کے علاقے کورنگی میں دم کے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 24)

کراچی میں مختلف ٹریفک حادثات میں 2 افراد جاں بحق

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شہر کے مختلف علاقوں میں ٹریفک حادثات کے دوران 2 افراد جاں بحق جبکہ نوجوان زخمی ہوگیا۔ تفصیلات کے مطابق لانڈھی مرتضی چورنگی کے قریب ٹریفک حادثے میں ایک شخص جاں بحق جبکہ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 25)

لندن میں جسٹس فائز کی گاڑی پر حملے میں ملوث افراد کے شناختی کارڈ، پاسپورٹ منسوخی کا حکم

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیر داخلہ نے کہا ہے کہ لندن میں سابق چیف جسٹس قاضی فائز عیسی اور پاکستانی ہائی کمیشن کی گاڑی پر حملہ افسوس ناک ہے، نادرا کو حملہ آوروں کی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 26)

اسلام آباد: کمانڈر نارتھ کموڈور ثاقب الیاس چیف آف نیول اسٹاف امیچور گالف کپ کی افتتاحی تقریب سے خطاب کررہے ہیں

ایم کیو ایم رہنما سید مصطفی کمال مقبول ابڑو کے گھر پہنچ گئے، اہل خانہ سے تعزیت

سانحہ سہراب گوٹھ اور مارکیٹ چوک حیدرآباد کے شہدا کی قربانیاں مہاجر قوم کیلئے ایک اثاثہ ہیں

خالد مقبول

شہدائے 31 اکتوبر کے خون کا صدقہ ہے کہ تنظیم اور مہاجر شناخت آج بھی زندہ ہے، سانحہ 31 اکتوبر 1986 کے شہدا کی کو خراج عقیدت

کراچی (اسٹاف رپورٹر) متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کے چیئرمین ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی نے سانحہ 31 اکتوبر 1986 کے شہدا کی 38 ویں برسی کے موقع پر سانحہ سہراب گوٹھ اور مارکیٹ چوک حیدرآباد کے شہدا کو زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے اپنے پیغام میں کہا کہ سانحہ سہراب گوٹھ اور مارکیٹ چوک حیدرآباد کے شہدا کی قربانیاں مہاجر قوم کیلئے ایک اثاثہ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 27)

کراچی: ایم کیو ایم پاکستان کے سینئر رہنما سید مصطفی کمال مقبول ابڑو کے اہلخانہ سے تعزیت کررہے ہیں

سی پیک نہیں چل سکتا، حملے ناقابل قبول ہیں

چینی سفیر

چینی شہریوں کی سیکیورٹی کے بغیر

6 ماہ میں 2 مہلک حملے ناقابل قبول ہیں، حکومت پاکستان کو چین مخالف دہشت گردوں کے خلاف کریک ڈاؤن کرنا ہوگا

جب تک محفوظ ماحول فراہم نہیں کیا جاتا یہ پروگرام آگے نہیں بڑھ سکتا، جیانگ زائی ڈونگ کی میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان میں چین کے سفیر جیانگ زائی ڈونگ نے کہا ہے کہ چینی شہریوں کی سیکیورٹی سی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 38)

اکتوبر، اپریل اور مئی کے بعد کراچی کا تیسرا گرم ترین مہینہ

اکتوبر میں 1951 میں کراچی میں 43 ڈگری سینٹی گریڈ ٹمپریچر ریکارڈ کیا گیا تھا،

جبکہ 2017 میں 41.8 ڈگری سینٹی گریڈ ٹمپریچر ریکارڈ کیا گیا، میٹرولوجسٹ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) اکتوبر، اپریل اور مئی کے بعد کراچی کا تیسرا گرم ترین مہینہ ہوتا ہے۔ انجم نذیر میٹرولوجسٹ کے مطابق اکتوبر میں 1951 میں کراچی میں 43 ڈگری (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 28)

گھر بیٹھے گاڑی رجسٹر کرانے کی سہولت پر کام کررہے ہیں

شرجیل میمن

ایکسائز میں کافی اصلاحات لیکر آئے ہیں، سوک سنٹر میں ایجنٹس گھومتے تھے، اب وہاں ٹوکن سسٹم ہے، ہم نے کوشش کی

ہے کہ پورے سسٹم کو آن لائن کرلیں، جو لوگ انٹرنیٹ استعمال نہیں کرتے ان کو بینک کا چالان ملے گا، صوبائی وزیر

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سینئر صوبائی وزیر اطلاعات سندھ شرجیل انعام میمن نے کہا ہے کہ گھر بیٹھے گاڑی رجسٹر (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 29)

مسقط عمان کی پاکستانی کمیونٹی کے وفد کی فاروق ستار کی سربراہی میں وزیرخارجہ اسحاق ڈار سے ملاقات

کراچی (اسٹاف رپورٹر) مسقط عمان سے تعلق رکھنے والی پاکستانی کمیونٹی کے مختلف شعبہ ہائے زندگی سے وابستہ نمایاں ارکان پر مشتمل ایک نمائندہ وفد نے متحدہ قومی موومنٹ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 37)

عمران خان نے کہا ہے فوجی عدالتیں بن بھی جائیں تو انہیں کوئی فرق نہیں پڑتا، شیر افضل

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پی ٹی آئی رہنما شیر افضل مروت نے کہا ہے کہ عمران خان سے ملاقات ہوئی ہے انہوں نے کہا ہے کہ اگر ملٹری کورٹس بن جاتے مجھے کوئی فرق نہیں پڑتا، نئی احتجاجی کمیٹی بنائی جائے گی میں اس کمیٹی کا حصہ ہوں گا۔ اڈیالہ جیل کے باہر میڈیا سے گفتگو میں انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان سے ملاقات ہوئی ہے، انہیں بتایا کہ یہ احتجاج ٹھیک نہیں تھے۔

بی جے پی حیدر آباد دکن میں بھی مسلم کش فساد کرانے پر تل گئی

ہندوؤں کو دیوالی منانے سے روکنے کے لیے کانگریس کی حکومت

نے اجتماعات پر پابندی لگوائی، بی جے پی رہنما امیت مالویہ

حیدرآباد دکن (مانیٹرنگ ڈیسک) بھارت کی حکمراں جماعت بھارتیہ جنتا پارٹی نے جنوبی ریاست تلنگانا میں مسلم کش فساد کی سازش پر عمل شروع کردیا ہے۔ انتظامی نوعیت کے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 30)

شکارپور، نوجوان صدام مہر کے قاتلوں کی عدم گرفتاری کیخلاف شہریوں کا قومی شاہراہ پر احتجاج

شکارپور (اسٹاف رپورٹر) شکارپور میں ایک ماہ قبل ٹاؤن رستم کی حدود میں قتل ہونے والے نوجوان صدام مہر کے قاتلوں کی عدم گرفتاری کے خلاف شہریوں نے جھان خان قومی شاہراہ پر احتجاجی مظاہرہ کر کے دھرنا دیا، مظاہرین نے رکاوٹیں رکھ کر قومی شاہراہ کو بلاک کردیا، دھرنے کے باعث ٹریفک معطل ہوگئی ہے، مظاہرین کا کہنا تھا کے مسلح افراد نے میڈیکل اسٹور پر فائرنگ کر کے نوجوان صدام مہر کو قتل کردیا تھا۔

گورنر سندھ کی آرٹس کونسل میں آمد، ورلڈ کلچر فیسٹیول کا کامیاب انعقاد

کراچی (اسٹاف رپورٹر) گورنر سندھ، کامران خان ٹیسوری، نے آرٹس کونسل آف پاکستان کا دورہ کیا، جہاں صدر احمد شاہ اور دیگر عہدیداران نے ان کا گرم جوشی سے استقبال (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 32)

27 ویں ترمیم پر مولانا فضل الرحمان نے کال دی تو لگ پتہ جائے گا، شیخ رشید

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) سابق وزیر داخلہ شیخ رشید احمد کا کہنا ہے کہ 26 ویں ترمیم حکومت کے گلے پڑے گی اور کسی کو کچھ نہیں ملے گا اور 27 ویں ترمیم پر مولانا فضل الرحمان نے کال دی تو لگ پتہ جائے گا۔ راولپنڈی میں انسداد دہشت گردی کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے شیخ رشید نے کہا کہ حکمرانوں کے خواب چکنا چور ہوگئے لہذا مزید ترمیم کے خواب چھوڑ دیں۔

دریائے سندھ پر کینال بنائی گئی تو دمادم مست قلندر ہوگا، رہنما پیپلز پارٹی

بلاول بھٹو زرداری نوجوانوں کے لیڈر اور پاکستان کی امید ہیں، اگر کوئی

جمہوریت کیخلاف سازش کرے گا تو بلاول اس کو ناکام کریں گے، عاجز دھامرا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پیپلز پارٹی کے رہنما عاجز دھامرا نے کہا ہے کہ 27 ویں ترمیم پر اس وقت کوئی بحث نہیں لیکن 27 ویں ترمیم پر کوئی پابندی بھی نہیں ہے، اگر دریائے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 31)

میری حکومت کو 7 ماہ ہوئے اور ہم نے کینسر ہسپتال پر کام شروع کردیا، مریم نواز

لاہور (بیورو رپورٹ) وزیراعلی پنجاب مریم نواز نے کہا ہے کہ سات ماہ میں منصوبے فائلوں سے نہیں نکلتے اور ہم نے کینسر ہسپتال پر کام شروع کردیا، نواز شریف کینسر ہسپتال میں کینسر کی ہر اسٹیج کے مریض کا علاج کیا جائے گا۔ لاہور میں نواز شریف کینسر ہسپتال کا سنگ بنیاد رکھنے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مریم نواز نے مزید کہا کہ میری ٹیم کو یہ فکر تھی کہ 55 ارب روپے کا یہ منصوبہ بن تو جائے گا۔

کراچی میں غیر ملکیوں سے لوٹ مار کی تفتیش میں اہم پیش رفت

غیر ملکی شہریوں نے فارنرز سیکورٹی سیل سے باقاعدہ سیکورٹی نہیں لی تھی، سی سی ٹی

وی روٹ سے لگتا ہے کہ ملزمان کالا پل کے راستے ڈیفنس پہنچے تھے، پولیس

کراچی (کرائم رپورٹر) کراچی میں گزشتہ روز غیر ملکیوں سے لوٹ مار کا (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 36)

کراچی: موٹر سائیکل سوار 2 ڈاکوؤں کی صبح سویرے لوٹ مار

گلشن حدید میں شہری اور ملزمان میں فائرنگ کی سی سی ٹی وی فوٹیج بھی سامنے آ گئی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شہر قائد کے علاقے گلشن حدید میں موٹر سائیکل (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 34)

کراچی میں ملیر انڈسٹریل پارک کے قیام کیلئے کام جاری

منصوبے سے بہترین استفادہ حاصل کرنے کیلئے کراچی کی ایک معروف کمپنی کورنگی

ایسوسی ایشن کو بھی ملیر انڈسٹریل پارک کی ایڈوائزری کونسل میں شامل کیا جائے گا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ایس آئی ایف سی اور پاکستان اکنامک زون (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 33)

کراچی: ایڈیشنل آئی جی کراچی جاوید عالم اوڈھو آئیڈیاز 2024ء نمائش کے موقع پر سیکورٹی انتظامات کے سلسلے میں منعقدہ اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

دانیہ کو عامر لیاقت کی بیوہ نہ کہا جائے، بشری اقبال نے فتوی نکلوالیا

دانیہ شاہ نے عامر لیاقت کے ساتھ شادی نہیں کی، بلکہ مالی فائدے کے لیے ایک

ڈیل کی تھی، بشریٰ اقبال اور ان کی بیٹی نے دانیہ کے خلاف مقدمہ بھی دائر کیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) مرحوم مذہبی اسکالر ڈاکٹر عامر لیاقت کی سابقہ اہلیہ بشریٰ اقبال نے ٹک ٹاکر دانیہ شاہ کو عامر لیاقت کی بیوہ کہے جانے پر ایک فتوی حاصل کر لیا ہے۔ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 35)

مسقط عمان کی پاکستانی کمیونٹی کا وفد ڈاکٹر فاروق ستار کی سربراہی میں ڈپٹی وزیراعظم، وزیرخارجہ اسحاق ڈار سے ملاقات کررہا ہے

قائد کے شہر سے
تشکر

چیف ایڈیٹر عباس علی منصور
روزنامہ
تشکر
کراچی
نیوز

چیف ایڈیٹر و پبلشر علی منصور اور ارض وطن گروپ نے محمدی پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر سن ریو ریذیڈنسی III-B-1/3، فرسٹ فلور آفس نمبر 103 ناظم آباد نمبر 3 سے شائع کیا۔
فون نمبر: 0324-9215059، roznamatashakur786@gmail.com

فل کورٹ اجلاس، سپریم کورٹ میں تقسیم کے تاثر کا ازالہ

چیف جسٹس سپریم کورٹ جسٹس یحیی آفریدی کی زیرصدارت سپریم کورٹ کا فل کورٹ اجلاس ہوا۔ اعلامیہ کے مطابق اجلاس میں تمام مستقل ججز نے شرکت کی۔ رجسٹرار سپریم کورٹ نے کیس لوڈ سے متعلق آگاہ کیا۔ رجسٹرار کے مطابق 59 ہزار 191 کیسز زیرالتوا ہیں۔ رجسٹرار نے جسٹس منصور علی شاہ کا تیار کردہ کیس مینجمنٹ پلان پیش کیا۔ پلان میں معیارات وضع کرنا، تمام اقسام کے مقدمات کے موثر انتظام کیلئے آئی ٹی کا استعمال شامل ہے۔ کیس مینجمنٹ پلان کا جائزہ لیتے ہوئے فاضل ججوں نے مختلف حکمت عملیوں پر غور کیا اور عدالتی نظام میں بہتری کیلئے قیمتی تجاویز اور سفارشات پیش کیں۔ فاضل ججوں نے مقدمات کے بوجھ کو کم کرنے کے عزم کا اظہار کیا۔ جسٹس منصور علی شاہ نے ویڈیو لنک کے ذریعے مزید تجاویز دیں۔ تجاویز کا مقصد مقدمات کا بوجھ کم کر کے ابتدا میں ایک ماہ کی لئے عدالتی کارکردگی میں بہتری لانا ہے۔ اس کے بعد 3 ماہ اور پھر 6 ماہ کے منصوبے پر عملدرآمد ہوگا۔ چیف جسٹس پاکستان نے تمام برادر ججز کا شکریہ ادا کیا۔ چیف جسٹس نے کیس مینجمنٹ پلان کے مکمل نفاذ کے عزم کا اظہار کیا۔ پیشرفت کا جائزہ اگلے فل کورٹ اجلاس میں لیا جائے گا جو 2 دسمبر 2024 کو منعقد ہوگا۔

ملک و معاشرے میں نظام عدل کی اہمیت پر برطانوی وزیراعظم ونسٹن چرچل کا قول دہرایا جاتا ہے کہ اگر ہمارے ہاں عدالتیں آزاد ہیں، قواعد قانون اور انصاف کے تقاضوں کے تحت انصاف فراہم کر رہی ہیں تو برطانیہ کو کوئی طاقت شکست نہیں دے سکتی۔ ہمارے لیے اس سے بھی کہیں زیادہ متاثر کن قول حضرت علی کرم اللہ وجہ کا ہے کہ کفر کا نظام چل سکتا ہے ظلم کا نہیں۔ جس معاشرے میں ظلم کا نظام ہو، تباہی اور بربادی اس معاشرے کا مقدر ٹھہرتی ہے۔ ریاستی عمارت مقننہ، عدلیہ اور انتظامیہ کے ستونوں پر کھڑی ہے۔ ان میں سے ہر ستون کا مضبوط ہونا ضروری ہے۔ ان کے دائرہ کار طے کر دیئے گئے ہیں۔ آئین نے ہر ایک کے فرائض و اختیارات کا تعین کر دیا ہے۔ ہمارے ہاں نہ صرف اداروں کی بالادستی کی بحث جاری رہتی ہے بلکہ اس کے لیے ادارے کبھی کبھی ایک دوسرے کے مقابل بھی آ جاتے ہیں۔ کسی ایک کی دوسرے ادارے پر بالادستی کی بحث بے معنی اور لا حاصل ہے۔ سارے آئینی ادارے ہیں۔ ایک جیسے اہمیت کے حامل، سب کی ناگزیریت پر کوئی دوسری رائے نہیں ہوسکتی۔ ان سب پر آئین بالا دست ہے۔

26ویں آئینی ترمیم لائی گئی۔ اس پر وسیع تر اتفاق رائے ہو جاتا تو بہت بہتر تھا۔ یہ ترمیم اتنی عجلت میں منظور کرائی گئی کہ اس میں کئی سقم رہ گئے۔ جن کو دور کرنے کے لیے 27ویں ترمیم کی بات کی جا رہی ہے۔ 27ویں ترمیم لانے کے دیگر مقاصد بھی ہو سکتے ہیں۔ جسٹس یحیی آفریدی کی سربراہی میں ہونے والے فل کورٹ اجلاس کے بعد 27ویں ترمیم کے بارے میں وزیر دفاع خواجہ آصف اور وزیر اطلاعات ونشریات عطا اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ 27ویں آئینی ترمیم زیر غور نہیں ہے۔ یہ سب قیاس ارائیاں ہیں۔ 26ویں ترمیم کی منظوری کے بعد دیکھنا یہ ہے کہ اس سے اداروں کے مابین ربط وضبط میں کتنی بہتری آئی ہے؟ ریاست مزید کتنی مضبوط ہوئی ہے؟ ادارے اپنی اپنی جگہ کتنے طاقتور ہوئے ہیں؟ وزیراعظم شہباز شریف اور بلاول بھٹو زرداری نے ترمیم کے بعد ملاقات کے دوران کہا کہ اس سے جمہوریت مزید مضبوط ہوئی ہے اور یہ ترمیم غیر جمہوری قوتوں کا راستہ روکنے کے لیے کارگر ہوگی. اپوزیشن کی طرف سے ترمیم کو عدلیہ کو کمزور کرنے کی حکومتی کوشش قرار دیا گیا ہے۔

26ویں ترمیم کے تحت آئینی بینچ بنایا جانا مقصود ہے۔ جس کی تشکیل اسی ترمیم کے مطابق ہوگی جس میں چیف جسٹس کی سربراہی میں 13 ارکان بینچ کے سربراہ اور ارکان کا انتخاب کریں گے۔

چیف جسٹس کی تعیناتی کے لیے 12 رکنی پارلیمانی کمیٹی بنائی گئی ہے۔ جس نے تین سینئر موسٹ ججز کے پینل میں سے ایک کا انتخاب کرنا ہوتا ہے۔ یہ انتخاب دوتہائی اکثریت سے ہوتا ہے جبکہ آئینی بینچ کے سربراہ اور ارکان کی تعیناتی سادہ اکثریت سے ہوگی۔ یہ بینچ آئینی مقدمات سنے گا۔ 26ویں ترمیم کے بنیادی مسودے میں وفاقی آئینی عدالت قائم کی جارہی تھی جس پر جے یو آئی کے ساتھ اتفاق رائے نہ ہونے پر بینچ کی تشکیل پر اتفاق ہوا اور یہی آج آئین کا حصہ بن گیا ہے۔ وفاقی آئینی عدالت بنتی یا اب آئینی بنچ بن رہا ہے۔ اس کا مقصد مقدمات کے انبار کو کم کرنا ہے۔ 60 ہزار کے قریب مقدمات کے جلد فیصلوں کے لیے فل کورٹ میں بات کی گئی۔ آئینی عدالت یا بینچ مقدمات کے جلد فیصلوں کے لیے تشکیل دیا جارہا ہے۔ اگر فل کورٹ اجلاس کے لائحہ عمل کے تحت کیسز تیزی کے ساتھ نمٹائے جاتے ہیں، ادھر آئینی بینچ بھی یہی کام کر رہا ہوگا تو مقدمات کا بوجھ کم ہوتا چلا جائے گا۔

چیف جسٹس یحیی آفریدی نے پہلے دن سوا گھنٹے میں ریکارڈ 24 مقدمات کی سماعت مکمل کی۔ ساڑھے 9 سے پونے 10 بجے تک 15 منٹ میں 30 مقدمات کی سماعت کی۔ انہوں نے 30 میں سے 6 مقدمات مختلف وجوہات پر ساڑھے 11 بجے تک ملتوی کر دیئے۔

سختی کے ساتھ وقت کی پابندی
ڈائریکٹر جنرل ایس بی سی اے کا اچانک دورہ

دفتری اوقات صبح 9 بجے سے شام 5 بجے تک ہیں اور 5 بجے کے بعد دفتر میں رہنے کی اجازت نہیں ہوگی، جو افسران اور اہلکار اس ہدایت پر عملدرآمد نہیں کریں گے،

ان کے خلاف سخت محکمہ جاتی کارروائی عمل میں لائی جائے گی، ڈائریکٹر جنرل نے دیر سے آنے والے افسران اور اہلکاروں کو نوٹس جاری کر دیئے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ڈائریکٹر جنرل سندھ بلڈنگ کنٹرول اتھارٹی (ایس بی سی اے) عبدالرشید سولنگی نے آج اپنے دفتر کا اچانک دورہ کیا، جس کے دوران انہوں نے افسروں اور دیگر عملے کی حاضری کا معائنہ کیا۔ اس دوران کئی افسران اور ملازمین غیر حاضر پائے گئے، جس پر انہوں نے سخت برہمی کا اظہار کیا۔ عبدالرشید سولنگی نے اس غیر حاضری کے معاملے کو سنجیدگی سے لیا اور فوری طور پر ڈائریکٹر ایڈمن اینڈ فنانس کو ہدایت کی کہ وہ تمام افسران و اہلکاروں کو وقت کی پابندی کرنے کے لیے سختی سے آگاہ کریں۔ انہوں نے یہ بھی واضح کیا کہ دفتر میں موجود نہ پائے جانے والے افسران اور اہلکاروں کی غیر حاضری کو ریکارڈ کیا جائے گا۔ ڈائریکٹر جنرل نے اس کے ساتھ ہی دیر سے آنے والے افسران اور اہلکاروں کو نوٹس جاری کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے سختی سے تنبیہ کی کہ دفتری اوقات صبح 9 بجے سے شام 5 بجے تک ہیں اور 5 بجے کے بعد دفتر میں رہنے کی اجازت نہیں ہوگی۔ جو افسران اور اہلکار اس ہدایت پر عملدرآمد نہیں کریں گے، ان کے خلاف سخت محکمہ جاتی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ یاد رہے کہ 29 اکتوبر کو عبدالرشید سولنگی کی جانب سے وقت کی پابندی کے حوالے سے ایک آفس سرکلر جاری کیا گیا تھا، جس میں تمام ملازمین کو دفتری اوقات کی پاسداری کرنے کی ہدایت دی گئی تھی۔ یہ اقدام سندھ بلڈنگ کنٹرول اتھارٹی کی کارکردگی کو بہتر بنانے اور اس کے افسران کے درمیان وقت کی اہمیت کو اجاگر کرنے کے لیے اٹھایا گیا ہے۔ سولنگی نے کہا، "ہمیں اپنی کارکردگی کو بہتر بنانا ہے اور یہ صرف وقت کی پابندی سے ہی ممکن ہے۔ ہم سب کو اپنی ذمہ داریوں کا احساس کرنا ہوگا۔" ان کا کہنا تھا کہ وقت کی پابندی نہ صرف ادارے کی ساکھ کے لیے ضروری ہے بلکہ یہ شہریوں کی خدمت کے معیار کو بھی متاثر کرتی ہے۔ یہ اقدامات سندھ بلڈنگ کنٹرول اتھارٹی کی اندرونی نظم و ضبط کو برقرار رکھنے اور ادارے کی افادیت کو بڑھانے کیلئے کیے جا رہے ہیں، تاکہ وہ عوام کی خدمت میں مزید بہتری لاسکیں۔

SINDH BUILDING CONTROL AUTHORITY
CIRCULAR

اپنے بچوں کو عمر بھر کی معذوری سے بچانے کیلئے پولیو کے قطرے ضرور پلوائیں، ڈپٹی کمشنر طحہ سلیم

کراچی (رپورٹ فراز حسین) ڈپٹی کمشنر ضلع وسطی طہ سلیم پولیو کے خاتمے کے لیے پرعزم۔ ضلع میں جاری انسداد پولیو NID مہم کے دورے کے موقع پر ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ پولیو ایک موذی مرض ہے جس کا کوئی علاج نہیں اور والدین کو چاہیے کہ اپنے بچوں کو اس موذی مرض سے بچانے کے لیے پولیو کے قطرے لازمی پلوائیں ان خیالات کا اظہار ڈپٹی کمشنر نے پولیو ٹیموں کے ہمراہ مختلف علاقوں کا دورہ کرتے ہوئے کیا انہوں نے وہاں موجود پولیو ٹیم اور پولیس کے جوانوں کو اپنی ڈیوٹی سرانجام دینے پر سراہا۔ ڈپٹی کمشنر ضلع وسطی نے ان والدین سے بھی ملاقات کی جو پولیو کے قطرے پلانے سے انکاری ہیں۔ ڈپٹی کمشنر نے ان والدین کو پولیو جیسے مہلک مرض کے بارے میں آگاہی فراہم کی۔ انہوں نے مزید کہا کہ بچے ہماری قوم کا مستقبل ہیں اور اپنے مستقبل کو محفوظ بنانا ہم سب کی ذمہ داری ہے، اس موقع پر ان کے ہمراہ ایریا کوارڈینیٹر ڈاکٹر ایاز بھی موجود تھے بعد ازاں ڈپٹی کمشنر کا کہنا تھا کہ پولیو ورکرز کی خصوصی ٹیمیں گھر گھر جا کر اپنی ذمہ داری پوری کر رہی ہیں اور ضلع وسطی کے تمام ڈویژنز میں اسسٹنٹ کمشنرز اپنے اپنے علاقوں کا دورہ کر رہے ہیں اور پولیو ورکرز کے ہمراہ گھر گھر جا کر اس بات کو یقینی بنا رہے ہیں کہ پولیو کے قطرے پینے سے کوئی بچہ محروم نہ رہ جائے۔

ڈسٹرکٹ سینٹرل نیو کراچی انڈسٹریل ایریا پولیس کا ڈاکوؤں کے ساتھ فائرنگ کا تبادلہ

کراچی (کرائم رپورٹر) ڈسٹرکٹ سینٹرل نیو کراچی انڈسٹریل ایریا پولیس کا ڈاکوں کے ساتھ فائرنگ کا تبادلہ۔ ایس ایس پی ڈسٹرکٹ سینٹرل کے مطابق مین روڈ صدیق آباد قبرستان سیکٹر 6B نیو کراچی کے پاس ڈاکوں اور پولیس کے درمیان مقابلہ ہوا ہے، مقابلے میں 2 ڈاکوں کو بلاضرب گرفتار کرلیا گیا جبکہ 1 ڈاکو فرار ہوگیا، ڈسٹرکٹ سینٹرل بلاضرب گرفتار ملزمان کی شناخت عامر ولد صابر حسین اور عطا ولد بدرالدین کے ناموں سے ہوئی جبکہ فراری ملزم کا نام ہمایوں ولد اسلام الدین معلوم ہوا پولیس نے ملزمان کے قبضے سے 1 عدد پسٹل 30 بور لوڈ میگزین، 1 عدد 9mm پسٹل لوڈ میگزین اور 1 عدد مسروقہ کار ہنڈا سوک برنگ سفید برآمد کر کے قبضہ پولیس میں لے لیا۔ مسروقہ کار شاہراہِ فیصل تھانے کی حدود سے چوری کی گئی تھی جسکا مقدمہ الزام نمبر 979/2024 جرم دفعہ 381-A درج ہے گرفتار ڈاکوں کو تھانے منتقل کر دیا گیا، پولیس ضابطے کی کارروائی عمل میں لائی جارہی ہے۔

ایل پی جی سلنڈرز کے مختلف علاقوں میں افسوسناک واقعات ہو رہے ہیں، ضیاء الحسن لنجار

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیر داخلہ سندھ ضیا الحسن لنجار نے کہا ہے کہ ایل پی جی سلنڈرز کے مختلف علاقوں میں افسوسناک واقعات ہو رہے ہیں۔ صوبے میں دکانوں پر ایل پی جی سلنڈر کی غیر قانونی فروخت پر سندھ اسمبلی میں توجہ دلاؤ نوٹس پر انہوں نے کہا کہ ایل پی جی سلنڈرز کے مختلف علاقوں میں افسوسناک واقعات ہو رہے ہیں اس حوالے سے رہائشی علاقوں میں ایل پی جی سلنڈر یا گیس فروخت کرنے والے دکانداروں کو نوٹسز بھی جاری کر دیئے گئے تھے جن دکانداروں نے ان نوٹسز پر عمل درآمد میں لاپروائی یا کوتاہی سے کام لیا انکے خلاف باقاعدہ مقدمات کا اندراج کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کورنگی واقعے پر ایس ایس پی کو ہٹایا گیا تاہم قانون کی عملداری تب ہی کی جاسکے گی جب عوام کی پولیس کو مکمل سپورٹ اور تائید یقینی ہوگی۔ عوام کو چاہیئے کہ ایل پی جی کی غیر قانونی دکانوں کو بند کرانے یا سربہ مہر کرنیکے لیئے اپنے ہر ممکن تعاون کو یقینی بنائیں۔ ان کا کہنا تھا کہ موسم سرما میں گیس کے بحران میں اضافہ ہوگا اور وفاقی حکومت کو چاہیئے کہ وہ سندھ میں گیس کی لوڈ شیڈنگ کو دیکھے اور اس سے نکلنے میں اپنے ہر ممکن اقدامات کو یقینی بنائے۔

یو اے ای پاکستان میں بجلی اور دیگر منصوبوں میں سرمایہ کاری کریگی، شیخ حمدان بن زائد النہیان

کراچی (اسٹاف رپورٹر) یو اے ای کے شیخ حمدان بن زائد النہیان سے وزیر توانائی سندھ ناصر حسین شاہ اور یو اے ای کے کراچی میں قونصل جنرل بخیت عتیق الرومیتی کی ملاقات ہوئی ہے۔ ملاقات میں دونوں رہنماں کے درمیان اندرون سندھ میں سرمایہ کاری پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ناصر شاہ کا کہنا تھا کہ سندھ قدرتی وسائل سے مالا مال ہے اور غیر ملکی سرمایہ کاری کیلئے انتہائی مفید ہے۔ تھر کے کوئلے سے تین ہزار میگاواٹ بجلی بنا کر نیشنل گرڈ میں شامل کی جارہی ہے جس سے بجلی کے مسائل میں کمی آرہی ہے۔ شیخ حمدان بن زائد النہیان کا کہنا تھا کہ یو اے ای پاکستان میں سرمایہ کاری کرنے میں دلچسپی رکھتا ہے اور مستقبل میں بجلی اور دیگر منصوبوں میں سرمایہ کاری کی جائے گی۔ شیخ حمدان نے اس عزم کا اظہار کیا کہ یو اے ای حکومت ہمیشہ پاکستان کی ہر مشکل وقت میں ساتھ ہے۔

کراچی واٹر کارپوریشن کا بورڈ اجلاس، شہریوں کے لیے ریبیٹ پالیسی کی منظوری

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی واٹر اینڈ سیوریج کارپوریشن کے بورڈ کا چھٹا اجلاس چیئرمین سیکریٹریٹ کارساز میں میئر کراچی و چیئرمین بیرسٹر مرتضی وہاب کی صدارت میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں سی ای او انجینئر سید صلاح الدین احمد، سی او او انجینئر اسداللہ خان، ڈاکٹر سروش ایچ لودھی، ظفر سبحانی اور عبدالکبیر قاضی سمیت دیگر بورڈ ممبران نے شرکت کی۔ اجلاس میں دو نکاتی ایجنڈے پر غور کیا گیا، جس کے تحت شہریوں کو بہتر سہولیات فراہم کرنے کے لیے ایک اہم ریبیٹ پالیسی کی منظوری دی گئی۔ اس پالیسی کے تحت، واٹر کارپوریشن کے تمام ریٹیل صارفین، جو بقایاجات ادا نہیں کر پائے، رعایت کے ساتھ قسطوں میں ادائیگی کر سکیں گے۔ تفصیلات کے مطابق، صارفین اگر اپنے بقایاجات یک مشت ادا کریں گے تو انہیں 35 فیصد رعایت ملے گی۔ اگر وہ 6 ماہ میں ادائیگی کرتے ہیں تو 25 فیصد، 9 ماہ میں 20 فیصد، ایک سال میں 15 فیصد، اور 15 ماہ میں 10 فیصد رعایت حاصل کر سکیں گے۔ یہ ریبیٹ پالیسی 31 جنوری 2025 تک نافذ رہے گی، اور اس کے بعد نادہندگان کے خلاف کارروائیاں کی جائیں گی۔ اس کے علاوہ، بورڈ نے عالمی بینک کے 240 ملین امریکی ڈالر کے قرضے کے معاہدے کی بھی منظوری دی۔ میئر کراچی نے کہا کہ شہریوں کو بہتر فراہمی و نکاسی کی سہولیات فراہم کرنا ہماری اولین ترجیح ہے، اور اس مقصد کے حصول کے لیے سندھ حکومت اور عالمی بینک کے تعاون سے اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے شہریوں سے اپیل کی کہ وہ اس مہم کا بھرپور فائدہ اٹھائیں تاکہ آمدنی میں اضافہ ہو سکے اور بہتر خدمات فراہم کی جا سکیں۔

WATER & SEWERAGE CORPORATION



کراچی پریس کلب کی لائف ممبر شپ میرے لئے بہت بڑا اعزاز ہے، قاسم پیرزادہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی پریس کی مجلس عاملہ کی جانب سے شیخ الجامعات، ماہر تعلیم، شاعر، اسکالر اور مصنف پیرزادہ قاسم رضا صدیقی کو انکی علمی و ادبی خدمات کے اعتراف میں کراچی پریس کلب کی تاحیات رکنیت دینے کے حوالے سے بدھ کو کراچی پریس کلب کے آئی اے برنی ہال میں تقریب پزیرائی کا انعقاد کیا گیا جس میں صدر کراچی پریس کلب سعید سربازی، سیکریٹری شعیب احمد، سابق سیکریٹری مقصود یوسفی، سینیئر صحافی سعید خاور، پروفیسر توصیف احمد، سابق سیکریٹری کراچی پریس کلب اے ایچ خانزادہ پروفیسر انیس زیدی، سینئر صحافی مظہر عباس اور محمود خان سمیت دیگر نے بھی اظہار خیال کیا۔ صدر کراچی پریس کلب سعید سربازی نے کہا کہ یہ پریس کلب کا ایک اعزاز ہے اور اس بات کی ہمیں خوشی ہے کہ آج پیرزادہ قاسم رضا صدیقی ہماری فیملی کا حصہ بننے جا رہے ہیں پیرزادہ قاسم نے نوجوانوں کی ذہن سازی میں بڑا کلیدی کردار ادا کیا ہے۔ سیکرٹری کراچی پریس کلب شعیب احمد نے کہا کہ پیرزادہ قاسم ایک بڑی علمی و ادبی شخصیت ہیں، آج ہم ڈاکٹر پیرزادہ قاسم رضا صدیقی کو لائف ممبر شپ دے رہے ہیں یہ کراچی پریس کلب کے لئے ایک اعزاز کی بات ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس سے قبل سر پرنس کریم آغا خان، عبدالستار ایدھی، حبیب جالب، فیض احمد فیض، جوش ملیح آبادی سمیت دیگر معروف شخصیات کو بھی کراچی پریس کلب کی لائف ممبر شپ دی گئی ہے۔ ڈاکٹر پیرزادہ قاسم رضا صدیقی نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے لائف ممبر شپ دینے پر کراچی پریس کلب کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ کراچی پریس کلب ایک عظیم ادارہ ہے جو معاشرے کے ہر پہلو کو اجاگر کرتا ہے کراچی پریس کلب ہمارے ملک کی ایک مشکل ترین حالات میں بھی زندہ اور توانا آواز رہی ہے یہی وجہ ہے کہ کراچی پریس کلب سنہری تاریخ رکھتا ہے لائف ممبر شپ میرے لئے بہت بڑا اعزاز ہے، میری زندگی میں ہائر ایجوکیشن کے لئے خدمات کا موقع ملا میں نے ہمیشہ بہتر سے بہتر خدمات دینے کی کوشش کی، دو کروڑ بچے آج تک اسکول کی شکل تک نہ دیکھ سکے، اصل دولت علم ہے جو معاشرے کی اشد ضرورت ہے اس کے بغیر ملک وقوم کی ترقی ممکن نہیں۔ آج کل وائس چانسلر شپ کی بہت قلت ہے اور تعیناتی کے وقت تلاش کرنی پڑتی ہے۔ اس کے لئے لائحہ عمل بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ مجھے شاعری کے لئے ایسا وقت ملا کہ جب سب کے سب شاعر موجود تھے صف اول اور صف دوئم کے تمام شاعروں سے سکھنے کا بھی انمول موقع میسر آیا، میری زندگی میں تعلیم تدریس، انتظامیہ کی ٹیم میں اور پیش رفت کے لئے بہت کاوشیں رہی ہیں، بیرون ممالک میں بھی منعقد ہونے والی تقاریب میں نمائندگی کرتے ہوئے اپنا کردار ادا کیا۔ ہمارے ہاں پالیسی پر عمل درآمد نہیں ہوتی۔ بنیادی طور پر میرا گھرانہ کا تعلق صحافت اور وہ بھی پرنٹ میڈیا سے تعلق رہا ہے۔ اسکول سے یونیورسٹی تک میرے سفر میں بہت اہم شخصیات کا ساتھ ملا اور اسی کی بدولت بہت کچھ سیکھنے کو ملا۔ دنیا بھر میں جہاں کہیں بھی جاتا ہوں وہاں میرے شاگرد آ جاتے ہیں یہی میرے لئے بہت اعزاز کی بات ہے اور آج کی تقریب میں شرکت کر کے بہت خوشی ملی ہے۔ انہوں نے اپنے خطاب کے آخر میں شرکا کی درخواست پر اشعار بھی پڑھے اور شرکا بہت محظوظ ہوئے۔ اس موقع پر سینئر صحافی مظہر عباس نے کہا کراچی پریس کلب نے ہمیشہ سے معاشرے کی تعمیر میں کلیدی کردار ادا کرنے والوں کی قدر کی ہے اور ان کی پذیرائی کے لئے پروقار تقاریب منعقد کی ہیں۔ کراچی پریس کلب نے پیرزادہ قاسم رضا کو لائف ممبر شپ دے کر اعزاز حاصل کیا ہے۔ تقریب سے اے ایچ خانزادہ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ علمی میدان میں استاد کوئی بھی وہ معاشرے کی مشترکہ املاک ہوتی ہے۔

تقریب پزیرائی
KARACHI PRESS CLUB



پولیس مقابلہ، سرجانی میں ملزمان کی گرفتاری، CCTV فوٹیج سے ملزم کی شناخت

کراچی (کرائم رپورٹر) ویسٹ، تھانہ سرجانی پولیس نے ایک مقابلے کے دوران زخمی حالت میں ملزم جہانگیر احمد اور جمیل احمد کو گرفتار کرلیا۔ یہ کارروائی 25 اکتوبر 2024 کو اس وقت کی گئی جب ملزمان نے سرجانی عبداللہ موڑ کے قریب طاہر نامی شہری کو اسلحہ کے زور پر لوٹنے کی کوشش کی۔ پولیس نے مزید معلومات حاصل کی ہیں، اور CCTV فوٹیج میں ملزمان کو واضح طور پر واردات کرتے ہوئے دیکھا جا سکتا ہے۔ مقدمہ نمبر 1302/2024 کے تحت تھانہ سرجانی میں ایف آئی آر درج کی گئی ہے۔ گرفتار شدہ ملزم جہانگیر احمد عادی جرائم پیشہ ہے اور اس پر پہلے بھی کئی مقدمات درج ہو چکے ہیں، جن میں شامل ہیں، مقدمہ نمبر 16/2023 بجرم دفعہ 6/9(3)C نارکوٹیکس، تھانہ گلشن معمار۔ مقدمہ نمبر 84/2024 بجرم دفعہ 23(i)A اسلحہ۔ ایس ایس پی ویسٹ نے اس کارروائی کی تفصیلات فراہم کی ہیں۔

کراچی کی طالبات کا شاندار کارنامہ، ایکسپائری پر گولی کا رنگ تبدیل کرنے والی پیکیجنگ متعارف

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شہرقائد کی طالبات نے جدید دوا کی منفرد پیکجنگ متعارف کرائی جو ایکسپائری سے قبل رنگ تبدیل کرنے کی صلاحیت سے لیس ہے۔ جامعہ کراچی کی فیکلٹی آف فارمیسی کے زیر اہتمام مختلف جامعات کے دو سو سے زائد طلبہ نے صحت کے مسائل کو حل کرنے کیلئے ماحولیاتی پائیداری، تکنیکی ترقی جیسے منصوبے سمیت مختلف سائنسی مقابلوں میں بھرپور حصہ لیا اور اپنی تخلیقی صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا۔ طلبہ نے ادویات کی منفرد پیکجنگ جبکہ روبوٹک میڈیسن ریمائنڈر بنا کر سب کو حیران کر دیا۔ جامعہ کراچی میں فارمیسی سائنس کلب کے زیراہتمام ہیلتھ کیئر سیکٹر کی خدمات کے اعتراف کیلئے خصوصی تقریب بھی منعقد کی گئی تقریب کے مختلف سیشنز میں فارمیسی کے طلبہ کو جدید تحقیق، فارمیسی پریکٹس کے حوالے سے آگاہی، ادویات کی حفاظت اور مریضوں کی بہتر دیکھ بھال متعلق مختلف پہلوں پر روشنی ڈالی گئی اور فارمیسی کی نئی تکنیکوں اور ان کے استعمال پر تربیت فراہم کی گئی۔ فیکلٹی آف فارمیسی نے ورلڈ فارماسسٹ ڈے کی مناسبت سے مباحثے اور سائنسی مقابلے کرائے جس کی سرپرستی ڈاکٹر ثنا سرفراز نے کی۔ اس تقریب کا مقصد فارماسسٹ کی صحت عامہ کیلئے خدمات کو خراج تحسین پیش کرنا اور طلبہ کے درمیان فارمیسی کے پیشے کے حوالے سے آگاہی پیدا کرنا تھا۔ طلبہ نے صحت کے مسائل میں کمی کے بارے میں اپنے خیالات کا اظہار کیا اور فارما کینوس کی جانب سے طلبہ نے پیکیجنگ ڈیزائن میں اپنی تخلیقی صلاحیتیں اجاگر کیں، منفرد پیکجنگ سے دوائی کی ایکسپرائری وقت سے قبل کلر کی صورت میں معلوم ہو جائے گی جبکہ پوسٹر مقابلے بھی کروائے گئے فیکلٹی آف فارمیسی کے ڈین پروفیسر ڈاکٹر حارث شعیب نے طلبا کی حوصلہ افزائی کی۔

چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف کا ڈائریکٹر باغات آفتاب احمد کے ہمراہ پارکوں کا دورہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) چیئرمین نیو کراچی ٹان محمد یوسف کا ڈائریکٹر باغات آفتاب احمد کے ہمراہ پارکوں کا دورہ۔ پردہ پارک سیکٹر فائیو سی ٹو، بزرگان پارک سیکٹر فائیو سی تھری اور قائد پارک سیکٹر فائیو اے تھری میں جاری تزین و آرائش کا جائزہ۔ اس موقع پر اسسٹنٹ ڈائریکٹر باغات جاوید جمال، انچارج بی اینڈ آر فیصل صغیر، انجینئر ماجد حسن، انجینئر صفدر و دیگر متعلقہ افسران بھی موجود تھے۔ چیئرمین محمد یوسف نے پارکوں میں جاری تزین و آرائش کا معائنے کے دوران افسران کو ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ تزین و آرائش کے کام میں استعمال ہونے والے میٹریل کا خاص خیال رکھا جائے اور پارکوں کی بحالی کا کام جلد مکمل کر کے عوام کے حوالے کیا جائے۔ الحمد اللہ جماعت اسلامی کے منتخب نمائندوں نے اہلیان نیو کراچی ٹان کو صحت مند ماحول کی فراہمی کے لئے پارکوں کی بحالی کا کام شروع کیا ہے اور اب تک نیو کراچی ٹان کے 16 پارکوں کو تزین و آرائش کے بعد عوام کے سپرد کیا جا چکا ہے جبکہ دیگر پارکوں میں بحالی کا کام تیزی سے جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ نیو کراچی ٹاون میں موجود پارکس اور پلے گراونڈ کا معائنہ کرنے کا مقصد، پارکس و پلے گراونڈز میں مہیا کی جانے والی بنیادی عوامی سہولیات کا جائزہ لینا ہے، انہوں نے مزید کہا کہ پارکوں میں ٹوٹ پھوٹ کا شکار جھولوں کی تبدیلی کا کام بھی جاری ہے جبکہ پارکس میں خواتین کے لئے واکنگ ٹریکس اور بزرگوں کے بیٹھنے کے لئے خوبصورت اور معیاری بنچیز لگائی جائیں گی۔ نوجوانوں اور بچوں کے لئے کھیل کے میدانوں کو ہموار کیا جا رہا ہے اور اطراف میں کیاریاں بنائی جا رہی ہیں ان کیاریوں میں گھاس اور پھولدار پودے لگائے جا رہے ہیں۔

شاہ لطیف پولیس کا جوا سٹہ کھیلنے والے اڈے پر ٹارگیٹڈ چھاپہ

کراچی (کرائم رپورٹر) شاہ لطیف پولیس کا جوا سٹہ کھیلنے والے اڈے پر ٹارگیٹڈ چھاپہ پولیس نے خفیہ اطلاعات کی بنیاد پر کاروائی کرتے ہوئے تھانہ شاہ لطیف کی حدود سے جوا سٹہ کھیلنے والے 34 ملزمان کو گرفتار کیا۔ گرفتار ملزمان کی شناخت وحید، مقبول، مومن، عارف، سلطان، جہانزیب، حبیب، رحیم، شکیل، سلطان، اصغر علی، پرویز، عمرآن، عدیل جمشید، فضل، غلام، اشفاق، علی، نعیم، خورشید، طارق، عثمان، ناصر، ارسلان، عبید اور دیگر ملزمان شامل ہیں۔ ملزمان کے قبضے سے جوئے پر لگائی گئی 40,000 روپے سے زائد رقم، تاش کے کارڈز، ٹوکن، اور جوئے میں کھیلنے والی پرچیاں برآمد ہوئیں۔ پولیس کی جانب سے گرفتار ملزمان کا مزید کرمنل رکارڈ چیک کیا جا رہا ہے۔ ملزمان کے خلاف ضابطے کے تحت قانونی کاروائی عمل میں لائی جا رہی ہے اور مزید تفتیش جاری ہے۔





عائشہ طور نے پنجاب کے مقابلے میں کراچی کے مردوں کو بہتر قرار دیا

کراچی (شوبز نیوز) پاکستانی شوبز انڈسٹری کی اداکارہ و ماڈل عائشہ طور نے پنجاب کے مقابلے میں کراچی کے مردوں کو بہتر قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ کراچی میں معاشرے پر مردوں کا غلبہ نہیں۔ عائشہ طور نے ایک پوڈ کاسٹ میں شرکت کے دوران ثقافتی فرق کے بارے میں گفتگو کی جو انہوں نے پاکستان کے سفر کے دوران محسوس کیا۔ اداکارہ و ماڈل نے کہا کہ کراچی میں مرد آپ کو ایک بار دیکھ کر پھر اپنے کاموں میں لگ جائیں گے اور آپ کو اکیلا چھوڑ دیں گے کیونکہ انہیں کمانا بھی ہوتا ہے۔ عائشہ طور کے مطابق پنجاب میں ایئرپورٹ پر اترتے ہی مرد آپ کو دیکھنا شروع کر دیتے ہیں، پنجاب زیادہ ڈویلپڈ صوبہ ہے جہاں انفراسٹرکچر، لوگوں کے پاس پیسہ اور مواقع ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کراچی میں معاشرے پر مردوں کا غلبہ اتنا نظر نہیں آتا جتنا لاہور یا اسلام آباد میں نظر آتا ہے، کراچی میں مرد اور خواتین ایک ساتھ کام کرتے ہیں۔ اداکارہ و ماڈل عائشہ طور نے کہا کہ لاہور میں مہمان نوازی بہت ہے لیکن مردانہ سماج نظر آتی ہے۔ پاکستان میوزک انڈسٹری کی معروف گلوکارہ آئمہ بیگ نے ساتھی گلوکارہ سارہ رضا خان کی جانب سے کی گئی تنقید کا دلچسپ جواب دے دیا۔ سارہ رضا خان نے حال ہی میں اپنے ایک انٹرویو میں آئمہ بیگ کے بارے میں کہا کہ اگر آٹو ٹیون کا آپشن نکال دیا جائے تو پھر آئمہ بیگ گلوکارہ نہیں رہیں گی۔ آئمہ بیگ نے سارہ رضا خان کی اس تنقید کے جواب میں اپنی انسٹا اسٹوری پر مداحوں کی جانب سے سوشل میڈیا پر شیئر کیے گئے اپنے ویڈیو کلپس ری شیئر کرنا شروع کر دیئے۔ انہوں نے اپنی ایک انسٹا اسٹوری کے کیپشن میں لکھا کہ اللہ نے جس کو جو ہنر دیا ہے ہمیں قبول ہے، ویسے کوئی بتائے یہ آنٹی کون ہیں؟ بلکہ رہنے دیں کوئی بات نہیں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 1

2024 میں دورہ پاکستان میں 2.2 ارب ڈالر کی مفاہمتی یادداشتوں ومعاہدوں پردستخط ہوئے۔ وزیراعظم کے حالیہ دورہ سعودی عرب میں 600 ملین ڈالر کے اضافے سے مجموعی طور پر پاکستان میں حالیہ سعودی سرمایہ کاری کا حجم 2.8 ارب ڈالر ہوگیا۔ سعودی عرب کی پاکستان میں سرمایہ کاری کیلئے دستخط شدہ مفاہمتی یادداشتوں و معاہدوں کی تعداد 27 سے بڑھ کر 34 ہوگئی۔ سعودیہ پاکستان سرمایہ کاری منصوبوں میں سے 5 منصوبوں پرکام شروع ہوکر تیزی سے تکمیل کی جانب گامزن ہے۔ دونوں ممالک کے مابین تعلقات کو مزید فروغ دینے اورسرمایہ کاری میں اضافے پربھی گفتگو ہوئی۔ وزیراعظم کی جانب سے سعودیہ میں مقیم پاکستانیوں کی فلاح کیلئے بھی سعودی حکومت سے بات چیت ہوئی۔ ریاض میں سعودی وزیرسرمایہ کاری نے وزیراعظم شہبازشریف کے ساتھ مشترکہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعظم شہبازشریف اوران کے وفد کی میزبانی اعزاز کی بات ہے، وزیراعظم شہبازشریف نے فیوچرانیشیٹو کانفرنس میں شرکت کی۔ خالد بن عبدالعزیز الفالح نے کہا کہ وزیراعظم شہبازشریف نے کانفرنس میں پاکستان کاوژن پیش کیا، وزیراعظم شہبازشریف کی سعودی ولی عہد محمد بن سلمان سے مفید ملاقات ہوئی، سعودی عرب لاکھوں پاکستانیوں کا دوسرا گھر ہے، پاکستان اورسعودی عرب اقتصادی شراکت داری کو مزید مضبوط بنا رہے ہیں۔ دوسری جانب وزیراعظم محمد شہبازشریف امیر قطر کی دعوت پر دو روزہ سرکاری دورے پرقطرپہنچ گئے۔ دوحہ کے بین الاقوامی ہوائی اڈے پرقطرکے وزیرمملکت برائے ثالثی عزت مآب محمد بن عبدالعزیز الخلیفی، قطر میں تعینات پاکستانی سفیر اور دیگر سفارتی عملے نے وزیراعظم کا استقبال کیا۔ اپنے دورے کے دوران وزیراعظم امیر قطر عزت مآب شیخ تمیم بن حمادالثانی سے ملاقات کریں گے۔ وزیراعظم سے قطرانوسٹمینٹ اتھارٹی اور قطر بزنس میں ایسوسی ایشن کے وفود بھی ملاقات کریں گے۔ مزید برآں وزیراعظم قطر میوزیم میں منظر آرٹ ایگزی بیشن 1940 سے اب تک پاکستان میں آرٹ اورآرکیٹیکچر کا افتتاح کریں گے۔ وفاقی وزرا خواجہ آصف، جام کمال خان، محمد اورنگزیب اور عطااللہ تارڑبھی وزیراعظم کے ہمراہ ہیں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 2

امریکا میں رہائش پذیر سکھ فارجسٹس کے رہنما کے قتل کی ناکام کوشش میں بچ جانے والے گرپتونت سنگھ پنوں نے کہا کہ امیت شاہ نے خالصتان کے حامیوں کو پکڑنے کے لیے ایجنسیوں کو ہتھیار بنایا ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ یہ کارروائیاں نہ صرف بھارت بلکہ امریکا اور کینیڈا کی سلامتی کے لیے بھی خطرہ ہیں۔ گرپتونت سنگھ پنوں نے عالمی برادری سے اپیل کی کہ وہ بھارتی جبر کے خلاف کھڑی ہو۔ ان کا کہنا تھا کہ خالصتان ریفرنڈم بھارتی دہشتگردی کے سامنے خاموش نہیں رہے گا، اوراس طرح کی پرتشدد کارروائیاں مزید عالمی توجہ کی متقاضی ہیں۔ یہ بیان اس وقت سامنے آیا ہے جب بھارتی حکومت کے خلاف بین الاقوامی سطح پرتنقید بڑھ رہی ہے۔ سکھ کمیونٹی کے رہنما اس بات پر زور دے رہے ہیں کہ عالمی برادری بھارتی حکومت کی کارروائیوں پر نظر رکھے اور انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کے خلاف آواز اٹھائے۔ ڈیوڈ موریسن کا یہ بیان اور گرپتونت سنگھ پنوں کی جانب سے کی جانے والی تنقید دونوں ہی اس بات کی عکاسی کرتے ہیں کہ بھارتی حکومت کی کارروائیاں بین الاقوامی سطح پرتشویش کی وجہ بن رہی ہیں۔ یہ صورتحال نہ صرف کینیڈا اور امریکہ بلکہ عالمی برادری کے لیے بھی اہمیت رکھتی ہے، کیونکہ انسانی حقوق اورآزادیوں کی حفاظت کے لیے ایک مضبوط موقف کی ضرورت ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 3

افسران کے تبادلے اورتقرریوں کا اعلان کیا ہے۔ اس سلسلے میں گریڈ اکیس کے آٹھ اور گریڈ بیس کے چھ افسران کی نئی تعیناتیوں کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ گریڈ اکیس کی چیف کلکٹر کسٹمز انفورسمنٹ رباب اسکندر کو چیف کلکٹر اپریزمنٹ لاہور تعینات کیا گیا ہے۔ اسی طرح، گریڈ اکیس کی شہناز مقبول، سیما رضا بخاری، اورصائمہ شہزاد کوممبرایف بی آر تعینات کیا گیا ہے۔ گریڈ بیس کے چیف کلکٹر کسٹم آپریشنز اپریزمنٹ ساتھ، محسن رفیق کو ڈی جی آپریشنز ٹرانزٹ ٹریڈ کراچی تعینات کیا گیا ہے۔ گریڈ بیس کی قرالعین ڈوگر کوممبرایف بی آر آپریشنز ہیڈکوارٹرز اسلام آباد میں تعینات کیا گیا ہے۔ مزید برآں، گریڈ بیس کے جمیل ناصر، جوکہ کسٹم ہاس پشاور میں چیف کلکٹر کسٹم آپریشنز کے طور پرتعینات تھے، کوکراچی بھیج دیا گیا ہے۔ جبکہ حسن ثاقب شیخ کو چیف کسٹم کلکٹر آپریشنز ایئرپورٹس اسلام آباد میں تعینات کیا گیا ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 4

شہبازشریف سے 40،40 لوگ ملتے تھے، گھر کے کھانے سمیت ایئرکنڈیشنز کمرے ملے تھے۔ شعیب شاہین نے کہا کہ قاضی فائزعیسی کے متعلق بانی پی ٹی آئی نے کہا کہ انہوں نے توجسٹس منیر کی یادکوبھی بھلا دیا، قاضی فائز نے فراڈ الیکشن کوتحفظ دیا، نیب ترمیم اس لئے منظور کیں کہ اس میں وہ خود بینیفشری تھے، قاضی فائز کی بھی لندن میں 3 پراپرٹیز تھیں، وہ تاریخ کے بدترین چیف جسٹس ثابت ہوئے، جوڈیشری کے بجائے بیوروکریسی سے آراوز لیکر فراڈ الیکشن کی بنیادرکھی۔ بانی پی ٹی آئی نے ڈیل کی خبروں کو جھوٹ قرار دیتے ہوئے کہا کہ وہ ملٹری کورٹس سے نہیں ڈرتے اور حقیقی آزادی کیلئے جہاد کر رہے ہیں۔ عمران خان کی بہن علیمہ خان نے بھی میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ بانی پی ٹی آئی نے کہا ہے کہ وہ ہرگز ڈیل نہیں کرینگے، ملٹری کورٹس اورظلم سہہ لیں گےمگرجھکیں گےنہیں۔ دوسری جانب پاکستان تحریک انصاف کے رہنماؤں نے اڈیالہ جیل میں عمران خان سے ملاقات کے بعد بتایا ہے کہ بانی پی ٹی آئی نے نئی احتجاجی کمیٹی بنانے کی ہدایت کردی ہے۔ بدھ کو اڈیالہ جیل کے باہر میڈیا سے گفتگوکرتے ہوئے شیر افضل مروت نے بتایا کہ بانی پی ٹی آئی سے ملاقات ہوئی ہے، انہیں بتایا کہ یہ احتجاج ٹھیک نہیں تھے، وزیراعلی خیبر پختونخوا نے احتجاجی حکمت عملی ٹھیک نہیں بنائی۔ شیرافضل مروت نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی نے کچھ فیصلے کیے ہیں جوسلمان اکرم راجہ بتائیں گے۔ شیرافضل مروت کے مطابق بانی پی ٹی آئی نے پوچھا کہ مولانا فضل الرحمان پر کیا مقف ہے، ہمارے ساتھی نے بتایا کہ مولانا کی وجہ سے ملٹری کورٹس نہیں بنے، بانی پی ٹی آئی نے کہا کہ اگرملٹری کورٹس بن جاتے تو بھی مجھے کوئی فرق نہیں پڑتا۔ شیر افضل مروت نے بتایا کہ بانی پی ٹی آئی نے کہا نئی احتجاجی کمیٹی بنائیں، میں اس کمیٹی کا حصہ ہوں گا، آگے سردیاں بھی آرہی ہیں اس حوالے سے اسٹریٹجی بنائیں گے، ایسی حکمت عملی بنائیں گے کہ اگر ایک لیڈر پکڑا جائے تو دوسرا لیڈ کرے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 5

پی ٹی اے کی انوکھی منطق سامنے آ گئی ہے۔ پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) کا کہنا ہے کہ میٹا پلیٹ فارمز پرسب سے زیادہ صارفین ہونے کے باعث سست روی کا شکار ہوئے، میٹا پلیٹ فارمز کے علاوہ دیگرسوشل میڈیا نیٹ ورکس کم متاثر ہوئے۔ پی ٹی اے کے مطابق انٹرنیٹ میں خلل سے فیس بک اور واٹس ایپ سروسز زیادہ متاثر ہوئیں، میٹا ایپلیکیشن فیس بک کے پاکستان میں 50 ملین صارفین ہیں اورواٹس ایپ پاکستان میں سب سے زیادہ استعمال ہونے والی ریئل ٹائم ایپلیکیشن ہے۔ پی ٹی اے کا کہنا تھا کہ جون 2024 میں SMW4 کٹنے سے 1.5 ٹیرابائٹس فی سیکنڈ ڈیٹا کی کمی ہوئی، بعدازاں AAE-1 کیبل میں خرابی سے 0.25 ٹیرابائٹس فی سیکنڈ ڈیٹا کی کمی ہوئی۔ پی ٹی اے نے کہا کہ صارفین کومطلع کیا گیا کہ رش کے گھنٹوں میں انٹرنیٹ سست رہے گا، ٹیلی کام آپریٹرز نے فوری طور پرٹریفک کو متبادل روٹس پرمنتقل کیا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 6

پڑجائے گی، سپریم کورٹ کی قوت صرف عوام کا اعتماد ہے۔ سپریم کورٹ میں معلومات تک رسائی کے کیس میں جسٹس اطہرمن اللہ نے اردو میں اضافی نوٹ جاری کردیا گیا، نوٹ کے متن کے مطابق درست ہے آرٹیکل 19 اے کے بنیادی حق کا استعمال مناسب پابندیوں کے تابع ہے، مناسب پابندیوں کی اصطلاح مگرپارلیمان کوآئینی حق کا دائرہ محدود کرنے کا اختیارنہیں دیتی۔ جسٹس اطہرمن اللہ نے کہا کہ آرٹیکل 8 ریاست کوایسی قانون سازی سے روکتا ہے جوبنیادی حقوق کوختم یامحدود کرے، سپریم کورٹ بنیادی حقوق کے تناظر میں دیگراداروں کے اقدامات کا عدالتی جائزہ لیتی ہے یہ ناقابل تصور ہے کہ سپریم کورٹ شہریوں کے بنیادی حقوق چھین لے۔ اضافی نوٹ کے مطابق عوام یہ سمجھیں کہ بنیادی حقوق کے محافظ خودحقوق محدود کرنے میں ملوث ہیں توان کا اعتمادختم ہوجائے گا، عوامی اعتمادختم ہواتوعدلیہ کی آزادی کمزورپڑجائے گی، سپریم کورٹ کے پاس تلواریاخزانے کا کوئی کنٹرول نہیں، سپریم کورٹ کی قوت صرف عوام کا اعتماد ہے۔ اضافی نوٹ میں جسٹس اطہرمن اللہ نے سابق چیف جسٹس قاضی فائزعیسی کے فیصلے سے اتفاق کرتے ہوئے کہا کہ معلومات تک رسائی کا حق بدعنوانی کے خلاف ایک قلعہ ہے، ججز، ملازمین کی مراعات سپریم کورٹ کا بجٹ عوامی اہمیت کے حامل اورشہریوں کی دلچسپی کے موضوع ہیں، شہریوں کومعلومات کی فراہمی کے لیے درخواست دائر کرنے کی ضرورت ہی نہیں ہونی چاہیئے، معلومات تک رسائی کے قانون کوسختی سے نافذ کیا جائے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 7

سامنے آ گئی ہے۔ اجلاس کے شرکا نے مطالبہ کیا کہ پارٹی صدر کا عہدہ کسی اورکو دے دینا چاہیے کیونکہ وزارت اعلی کا بوجھ مشکل فیصلوں کے راستے میں رکاوٹ بن گیا ہے۔ اجلاس نے شرکا نے کہا کہ ناراض ارکان کوساتھ لے کر چلنا بھی مشکل ہوگیا ہے، پارٹی پرمشکل اور بانی چیئر مین کی قید کی وجہ سے لوگ چپ ہیں، بانی چیئرمین کی رہائی اورکارکنان کی ناراضگی کوختم کرنے کے لئے اہم اور مشکل فیصلے کرنے ہوں گے، صوبے کے عوام کی فلاح و بہبود کے کام بھی کرنے ہوں گے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 8

ایک دوسرے کے سفارت کار نکال رہے ہیں تو یہ ان کا باہمی معاملہ ہے۔ میتھیوملر نے کہا کہ امریکا نے سکھ لیڈرگرپتونت سنگھ پنو کے قتل کی سازش کے حوالے سے بھارت سے بات کی ہے۔ بھارت کی تفتیشی ٹیم نے اب تک کی معلومات امریکی حکام سے شیئر کی ہیں۔ گرپتونت سنگھ پنو کے کے قتل کی سازش کے مرکزی ملزم وکاس یادوکو بھارت سے امریکا لائے جانے کے سوال پرمیتھوی ملر نے کہا کہ اس حوالے سے کوئی بھی فیصلہ امریکی محکمہ انصاف کرے گا۔ اس حوالے سے بھارت سے بات کی جاسکتی ہے۔ امریکی محکمہ خارجہ کے ترجمان نے بتایا کہ کینیڈا نے گرپتونت سنگھ پنو کے قتل کی سازش کے بارے میں تفتیش کی بنیاد پر چند معلومات امریکا سے شیئر کی ہیں۔ گوپتونت سنگھ پنو کے پاس امریکا اورکینیڈا کی شہریت ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 9

علیوف سے ملاقات کی ہے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق چیئرمین جوائنٹ چیفس آف سٹاف کمیٹی جنرل ساحر شمشاد مرزا نے آذربائیجان کا سرکاری دورہ کیا۔ جنرل ساحرشمشادمرزانے دورے کے دوران آذربائیجان کے صدرالہام علیوف، وزیردفاع، وزیر خارجہ، چیف آف جنرل اسٹاف اور دیگر حکام سے ملاقاتیں کیں جن میں دونوں ممالک کے درمیان گہرے اور تاریخی تعلقات مضبوط کرنے پر بات چیت کی گئی۔ ملاقاتوں کے دوران خطے کی سیکیورٹی اورمتعدد شعبوں میں تعاون بڑھانے سمیت باہمی دلچسپی کے امور پرتبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقاتوں میں پاکستان اورآذربائیجان کے درمیان فوجی تعاون میں اضافے کی اہمیت کواجاگرکیا گیا، امن واستحکام کے لیے اجتماعی عزم کا اعادہ کیا گیا۔ آذربائیجان کی قیادت نے پاکستان کی مسلح افواج کی پیشہ ورانہ مہارت اورقربانیوں کوسراہا۔ آذربائیجانی قیادت نے پاکستان کے ساتھ گہرے تعلقات استوار کرنے کے لیے موجودہ تعاون کووسعت دینے کا عزم ظاہرکیا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 10

پاکستانی پراپرٹی بل 2024 کی منظوری دے دی، صدرمملکت نے ڈپازٹ پروٹیکشن کارپوریشن ترمیمی بل 2024 کی بھی منظوری دے دی، دونوں بلوں کی منظوری آئین کے آرٹیکل 75 کے تحت دی گئی۔ نئے قانون کے تحت وفاقی حکومت سمندر پار پاکستانیوں کے لیے خصوصی عدالتوں کے قیام کے قانون کے تحت اسلام آباد ہائیکورٹ کے چیف جسٹس سے مشاورت کے ساتھ خصوصی عدالتیں قائم کرے گی۔ خصوصی عدالتوں میں سمندر پار پاکستانی غیرمنقولہ جائیداد کے حوالے سے درخواستیں دائر کرسکیں گے، عدالتوں کے جج کے پاس ڈسٹرکٹ کورٹ جج کے اختیار ہوں گے۔ نئے قانون کے تحت الیکٹرانک طریقے سے بھی درخواستیں فائل کی جاسکیں گی، اگرجوابدہ عدالت میں دوسری بار بھی نہیں آ تا تو عدالت جوابدہ کی عدم موجودگی میں کارروائی کرے گی۔ سمندرپارپاکستانیون کیلئے خصوصی عدالت فریق کوشواہد دینے کیلئے دو سے زائد مواقع نہیں دے گی، سمندرپارپاکستانی کو ویڈیولنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کی اجازت ہوگی۔

بقیہ روزنامہ تشکر 11

سٹیڈیم میں جاری تعمیراتی کاموں کا معائنہ کیا۔ چیئرمین پی سی بی محسن نقوی نیاپ گریڈیشن پراجیکٹ کا مشاہدہ کیا۔ چیئرمین پی سی بی محسن نقوی نے سکورسکرین کومناسب جگہ نصب کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ سکورسکرین کی وجہ سے شائقین کرکٹ کو میچز دیکھنے میں مشکل پیش آتی ہے لہذا سکرین کواونچائی پرنصب کیا جائے تاکہ شائقین کوکسی قسم کی دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ چیئرمین پی سی بی محسن نقوی نے شائقین کرکٹ کی سہولت کیلئے پارکنگ ایریا کوسٹیڈیم کے قریب کرنے کی ہدایت کی۔

بقیہ روزنامہ تشکر 12

سمری ارسال کردی ہے۔ سمری کے مطابق پہلے مرحلے میں دو ہزار چوبیس سے دو ہزار انتیس تک ایک سوسترسب پروجیکٹس پرایک سوچورانوے ارب روپےخرچ ہوں گے۔ جب کہ دوسرے مرحلے میں دوہزارانتیس سے دوہزار چونتیس تک دوسو پانچ سب پروجیکٹس پر چھ سوتیس ارب روپے خرچ ہوں گے۔ مالی مشکلات کے پیش نظر وفاقی حکومت صرف ستتر ارب روپے دے گی۔ بقیہ رقم صوبائی حکومتیں اپنی وسائل سے ادکریں گی۔ حکومت سندھ اس معاملہ پر مشترکہ مفادات کی کونسل میں اپنی رائے پیش کرے گی۔ ان اقدامات سے شہروں میں بارشوں کے پانی کی جلد نکاسی ہوگی اور سیلاب والی صورتحال نہیں ہوگی۔

بقیہ روزنامہ تشکر 13

تیارنہ کرنے پر حاملہ بیوی کو بیدردی سے قتل کر کے فرار ہونے والے ملزم شوہر کوگرفتار کرلیا، ملزم کے وار سے شدیدزخمی ہونے والی بیوی چندروزتک موت اور زندگی کی کشمکش میں مبتلا رہنے کے بعد چل بسی تھی۔ اس حوالے سے ترجمان ایس ایس پی انویسٹی گیشن ڈسٹرکٹ کیماڑی اظہر جاوید کی جانب سے جاری اعلامیے کے مطابق گزشتہ ماہ 25 ستمبرکوملزم حضرت بلال نے اپنی حاملہ بیوی اسما کوچھریوں کے وار کرکے شدیدزخمی کیا تھا جو بعدازاں دوران علاج جاں بحق ہوگئی تھی۔ سائٹ اے پولیس نے واقعہ کا مقدمہ مقتولہ کے بھائی حسن معاویہ کی مدعیت میں رواں ماہ 18 اکتوبرکودرج کیا گیا تھا، سائٹ اے پولیس نے مقدمہ درج کرکے انویسٹی گیشن پولیس کے حوالے کردیا جس نے خفیہ اطلاع ملنے پر بیوی کے قتل میں ملوث ملزم حضرب بلال کوگرفتار کرلیا۔ انویسٹی گیشن پولیس نے سفاک قاتل کوعدالت میں بیان کے لیے پیش کیا جہاں ملزم بلال نے عدالت کے روبرو اعترافی بیان میں اپنی بیوی کومعمولی بات پرقتل کرنے کاانکشاف کیا جس میں اس کا کہنا تھا کہ وہ دوپہر کے وقت گھر آیا اور کھانا مانگا جس پر بیوی نے کہا کھانا ابھی تیارنہیں ہے اس بات پرطیش میں آ کراس نے بیوی کوچھریاں ماریں اوراس دوران مزاحمت پر مجھے بھی گردن پرچھری لگ گئی تھی۔ ایس آئی اوسائٹ اے راجہ غضنفر نے بتایا کہ زخمی ہونے کے بعد ملزم علاج کرا کر دوست کے گھر روپوش ہوگیا تھا تاہم پولیس نے خفیہ ذرائع سے ملنے والی اطلاع پرملزم کو سائٹ ایریا باوانی چالی کےقریب چھاپہ مار کرگرفتار کرلیااوراس سے مزید تحقیقات کی جارہی ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 14

کی خبروں کی تردید کردی اور کہا کہ صدرزرداری سے ملاقات کی خبرغلط ہے، دوسری کسی پارٹی میں جانے کا سوچ بھی نہیں سکتا، فواد چوہدری بہت گولہ باری کررہے ہیں، ہاتھ ہلکا رکھیں۔ لاہور کی انسداد دہشت گردی عدالت کے باہرمیڈیا سے گفتگوکرتے ہوئے اسدعمرنے کہا کہ میرے بارے میں غلط خبریں چلائی جارہی ہیں، میری زرداری سے ملاقات ہوئی ہےاورمیں نے پیپلزپارٹی جوائن کرلی ہے، ایسا کچھ بھی نہیں ہے۔ اسدعمر نے کہا کہ میں لاہورمیں ہوں اوردوسری کسی پارٹی میں جانے کا سوچ بھی نہیں سکتا، فواد چوہدری بہت گولہ باری کررہے ہیں، انہیں یہی کہوں گا کہ وہ ہاتھ ہلکا رکھیں۔ قبل ازیں لاہور کی انسداددہشت گردی کی عدالت میں 9 مئی واقعات میں اسدعمر کی عبوری ضمانتوں پر سماعت ہوئی۔ عدالت نے استفسار کیا کہ کیا اسدعمرشامل تفتیش ہوئے ہیں؟ جس پروکیل نے کہا کہ جی اسدعمرشامل تفتیش ہوئے ہیں، پولیس افسر نے کہا کہ تینوں مقدمات میں تفتیشی افسرعدالت میں موجود نہیں ہیں۔ وکیل نے کہا کہ اسدعمر جے آئی ٹی میں پیش ہوئے ہیں، ویڈیوموجود ہے، پولیس افسرنے بتایا کہ یہ شامل تفتیش نہیں ہوئے جس پراسدعمر کے وکیل نے کہا کہ 14 ماہ سے عبوری ضمانتیں چل رہی ہیں، 3 بارپیش ہو گئے ہیں۔ بعدازاں لاہور کی انسداد دہشتگردی عدالت نے آئندہ سماعت پرڈی ایس پی لیگل کوذاتی حیثیت میں طلب کرتے ہوئے کیس کی سماعت ملتوی کردی۔

بقیہ روزنامہ تشکر 15

کی مجموعی تعداد 43061 ہوگئی، ایک لاکھ سے زائد زخمی ہیں۔ صیہونی فوج نے بیت لاہیا میں دورہائشی عمارتوں پر بمباری کردی۔ پناہ لینے والے بائیس بچوں سمیت ایک سوفلسطینی شہید، درجنوں زخمی کئی افراد ملبے تلے دب گئے۔ شمالی غزہ میں پچیس روز میں شہادتوں کی تعدادایک ہزار سے تجاوز کرگئی۔ القسام بریگیڈ نے چاراسرائیلی فوجی ہلاک کردیے۔ صیہونی فوج نے ہلاکتوں کی تصدیق کردی۔ حماس کے سینئر رہنما سامی ابوزہری نے کہا جنگ بندی مذاکرات کے لیے تیار ہیں مگرمعاہدہ اسرائیلی فوج کے غزہ سے مکمل انخلا سے مشروط ہوگا۔ دوسری جانب اسرائیل کی طرف سے جبالیہ پناہ گزین کیمپ میں انسانیت کی بدترین تذلیل سامنے آئی ہے، اسرائیلی فوج نے 2 سو کے قریب فلسطینیوں کو گرفتار کر نے نیم برہنہ کر دیا۔ امریکی نشریاتی ادارے کی رپورٹ کے مطابق متعددفلسطینیوں کے تمام کپڑے اتروادیے۔ گرفتار افراد میں زیادہ ترمرد تھے جبکہ ایک بچہ بھی ان کے ساتھ دیکھا گیا، انہیں نیم برہنہ حالت میں کیمپ کے ملبے پرکئی گھنٹے تک سردی میں بٹھائے رکھا، جبکہ صیہونی فوج کے سپاہی نیم برہنہ بے بس افراد کی تصاویربناتے رہے۔ امریکی میڈیا کے مطابق فلسطینی جبالیہ پناہ گزین کیمپ پراسرائیلی حملے سے بچنے کے لیے محفوظ مقام پرجانے کی کوشش کر رہے تھے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 16

کا فیصلہ کیا ہے۔ آئی جی کرائم اینڈ انویسٹی گیشنز کے مطابق، 70 سے 80 فیصد پولیس اسٹیشنز میں ریکارڈ کا اندراج ہو چکا ہے، جسے آن لائن آسانی سے دیکھا جاسکتا ہے۔ پراسیکیوٹرجنرل سندھ کا کہنا ہے کہ دونوں سسٹمز کے الحاق سے مقدمات میں دستاویزی غلطیاں، غیرضروری تاخیر، اورعدم تعاون کوختم کیا جا سکے گا۔ اس انضمام سے شعبہ تفتیش اور پراسیکیوشن برانچ کے درمیان روابط کومزید تقویت ملے گی۔ آئی جی سندھ، غلام نبی میمن، نے مزید کہا کہ سندھ پولیس تفتیشی شعبے کی بہتری کے لیے ہرممکن اقدامات کر رہی ہے، جس کے تحت سرٹیفائیڈ تفتیشی افسران کو اضافی بنیادی تنخواہ کی فراہمی بھی شروع کر دی گئی ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ شعبہ تفتیش کے ڈیجیٹائز ہونے سے خامیاں اورتاخیر ختم ہوں گی، اور پولیس اور پراسیکیوشن کوایک موثر ٹیم کی طرح کام کرنے کی ضرورت ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 17

تجارتی رابطوں میں بھی اضافہ ہوگا۔ یہ بات انھوں نے 12 ویں بین الاقوامی دفاعی نمائش و سیمینار آئیڈیاز 2024 کی اسٹیئرنگ کمیٹی کے تیسرے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی، صوبائی وزرا، میجرجنرل اسدنوازخان ہلال امتیاز (ملٹری) ڈی جی ڈی ای پی او، چیف سیکریٹری آصف حیدرشاہ، وفاقی وزرا، صوبائی حکومت، مسلح افواج، قانون نافذکرنے والےاداروں کے نمائندگان اوردیگر نے اجلاس میں شرکت کی۔ وزیراعلی نے کہا کہ بارھویں آئیڈیاز 2024 کے انعقادکیلئے تفصیلی انتظامات کوحتمی شکل دی جائے، آئیڈیاز 2024 کا انعقاد 19 سے 22 نومبر تک کراچی ایکسپوسینٹر میں ہوگا، انھوں نے یقین دہانی کرائی کہ ان کی حکومت اس غیرمعمولی نمائش کے انعقادکیلئے تمام مدد اورتعاون فراہم کرے گی، دفاعی حکمت عملی کی اس اہم ترین نمائش کیلئے قومی سطح کی تیاریوں کے دوسرے سیشن کی صدارت ڈائریکٹر جنرل ڈی ای پی او میجر جنرل اسدنوازخان ہلال امتیار (ملٹری) نے کی۔ اجلاس کے دوروان انھیں مختلف صوبائی محکموں، مسلح افواج اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی جانب سے انتظامی، سیکیورٹی اورسپورٹ منصوبوں کی تکمیل کے بارے میں آگاہ کیا گیا۔ سیشن کے اختتام پرڈی جی ڈی ای پی او نے بتایا کہ ایونٹ میں روایت کے مطابق جدید ترین دفاعی ٹیکنالوجی کی نمائش، بین الاقوامی سیمینار، ثقافتی شو، تاجروں کے دوطرفہ اورتاجروں کے حکومت کے ساتھ رابطوں سمیت کئی قابل ذکر سرگرمیاں ہوں گی۔

بقیہ روزنامہ تشکر 18

گنگاریپ اورقتل کے واقعہ میں ملوث تیسرے انتہائی مطلوب ملزم بلاول کو گرفتار کرلیا۔ مفرور ملزم کی گرفتاری کیلئے طویل عرصے سے کوششیں کی جارہی تھیں۔ ایس ایس پی ساتھ انویسٹی گیشن عبدالرحیم شیرازی نے کہا کہ گرفتارملزم نے اپنے ساتھیوں کے ساتھ بچی کوزیادتی کا نشانہ بنانے کے بعدقتل کیا اور لاش لکی اسٹار کے قریب کچرہ کنڈی میں پھینک دی تھی۔ اس سے قبل پولیس واقعے میں ملوث دوملزمان وقارعلی اورعاصم کوگرفتارکرچکی ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 19

کے انعقاد پر پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے پارٹی بند کروا دی، لیکن کسی کو گرفتار نہیں کیا گیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق پارٹی مہران ٹاؤن میں مقامی انتظامیہ کی اجازت سے منعقد کی گئی تھی۔ تاہم، اہل محلّہ نے پارٹی کی شکایت کی، جس کے نتیجے میں پولیس نے مداخلت کی۔ رپورٹ کے مطابق پارٹی میں زیادہ تر نوجوان افراد ہالووین تھیم کے تحت ڈراونے اورنیم عریاں لباس میں شریک ہوئے۔ اس کے علاوہ، پارٹی میں شراب اور دیگرنشہ آور چیزوں کے استعمال کی بھی اطلاعات ملیں۔ ہالووین پارٹی میں نشہ آور چیزوں کے استعمال اورشورشرابے کی وجہ سے اہل محلّہ نے پولیس سے شکایت کی۔ کورنگی پولیس نے فوری طور پر پارٹی کی جگہ پرپہنچ کرتقریب کوبند کر دیااورتمام افرادکووہاں سے نکل جانے کی ہدایت کی۔ تاہم، کسی بھی شخص کو گرفتار نہیں کیا گیا۔ پولیس کی جانب سے ہالووین پارٹی پرکوئی واضح موقف سامنے نہیں آیا، لیکن سوشل میڈیا پر ویڈیوز وائرل ہونے کے بعد صارفین نے سوال اٹھایا کہ شراب نوشی اور دیگرنشہ آور چیزوں کے استعمال کے باوجود پولیس نے گرفتاریاں کیوں نہیں کیں۔ یہاں یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ ہالووین ایک مغربی تہوار ہے، جس کی ابتدا امریکا سے ایک صدی قبل ہوئی تھی۔ ابتدا میں، ہالووین پارٹیز کا انعقادشیطان کی خوشنودی کے لیے کیا جاتا تھا، لیکن جدید دورمیں یہ جشن زومبیز کے روپ دھار کر، ڈراونے لباس پہن کر یا نیم عریاں ملبوسات میں منانے کا ذریعہ بن چکا ہے۔ امریکا، یورپ، اور دیگرممالک میں ہالووین کی پارٹیاں ہر سال اکتوبر کے آخر میں منعقد کی جاتی ہیں۔ ان پارٹیوں میں مرد وخواتین مشترکہ طور پرجشن مناتے ہیں، اور کورنگی میں ہونے والی پارٹی میں بھی یہی صورت حال دیکھی گئی۔

بقیہ روزنامہ تشکر 20

کے مطابق ہیلتھ مینجمنٹ انفارمیشن سسٹم کے تحت ہی رجسٹرڈ ذیابطیس کے مریض انسولین حاصل کرسکیں گے۔ نوٹی فکیشن کے مطابق مریض کیلئے کلینک پراصل شناختی کارڈ، موبائل نمبر، تشخیصی ٹیسٹ اور ڈاکٹر کانسخہ فراہم کرنا لازمی ہوگا۔ علاوہ ازیں ایک مریض کوصرف ایک ہی انسولین کی سچی فراہم کی جائے گی، معذورذیابطیس مریض کا خونی رشتہ دار ہی انسولین حاصل کرسکے گا۔ ترجمان محکمہ ہیلتھ کا کہنا ہے کہ نئے ایس او پیز انسولین کی تقسیم میں شفافیت لانے کے لیے لاگوکیے گئے ہیں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 21

کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق ایس آئی اولیاقت آباد انسپکٹر رانا محمد حبیب کوگاڑی پرجعلی نمبر پلیٹ لگا کر چلانے کی پاداش میں نوکری سے برطرف کردیا گیا ہے۔ نوٹیفکیشن میں کہا گیا ہے کہ ایک منظّم فورس کا رکن ہونے کی حیثیت سے جعلی نمبر پلیٹ لگا کرگاڑی چلانے جیسی سرگرمی میں ملوث ہونا انتہائی قابل اعتراض اور پولیس فورس کے لیے بدنامی کا باعث ہے، جس کی سزاکےطور پرآپ کونوکری سے برخاست کیاجاتاہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 22

حادثے میں ایک گاڑی کو بھی نقصان پہنچا ہے۔ ریسکیو حکام نے بتایا ہے کہ حادثے کے بعد ڈرائیورٹرک سمیت فرارہوگیاہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 23

سماعت ہوئی۔ محکمہ تعلیم کےنوٹیفکیشن کےمطابق نجی اسکول 10 فیصد مستحق بچوں کومفت تعلیم دینے کے پابند ہیں۔ درخواست گزار کے وکیل نے عدالت کو بتایا کہ رولز کے مطابق مستحق بچوں کی نشاندہی حکومت کوکرنی ہے، مستحق بچوں کی نشاندہی کے بعداسکول 10 فیصد بچوں کومفت تعلیم دینے کے پابند ہیں۔ درخواست گزار کے وکیل نے عدالت کو بتایا کہ حکومت نے اس حوالے سے ایگزیکٹیو کمیٹی تک تشکیل نہیں دی۔ ڈائریکٹر پرائیویٹ اسکولزایجوکیشن نے عدالت کوآگاہ کیا کہ نجی اسکول نے محکمہ تعلیم کا 2019 کا نوٹیفکیشن چیلنج کیا ہے۔ ڈائریکٹر پرائیویٹ اسکولز ایجوکیشن نے عدالت سے استدعا کی کہ اس نوٹیفکیشن کی میعادختم ہو چکی ہے اس لیے درخواست خارج کی جائے۔ عدالت نے مزید سماعت 27 نومبرتک ملتوی کردی۔

بقیہ روزنامہ تشکر 24

بہانے خواتین کے ساتھ غیراخلاقی حرکتیں کرنے والا جعلی پیرپولیس کی پکڑ میں آ گیا۔ پولیس نے بتایا کہ ملزم کو پہلے بھی کورنگی میں خواتین سے غیراخلاقی حرکتیں کرنے پرکام سے نکالا گیا تھا۔ ایس ایس پی کورنگی کا کہنا تھا کہ کام سے نکالے جانے کے بعدملزم نے کرائے پرجگہ لی اورپھردم کے بہانے خواتین کے ساتھ غیراخلاقی حرکتیں کرنا شروع کر دیں۔ گرفتار ملزم انے انکشاف کیا ہے کہ اس کا ساتھی بھی خواتین سے غیراخلاقی حرکتیں کرنے میں ملوث تھا۔ پولیس نے ملزم کے بیان کے بعدملزم کے ساتھی کی تلاش شروع کردی۔

بقیہ روزنامہ تشکر 25

نوجوان زخمی ہوگیا۔ متوفی کی لاش ایدھی کے رضا کاروں نے ضابطے کی کارروائی کے لیے جناح اسپتال پہنچائی۔ ریسکیو حکام کا کہنا ہے کہ متوفی کی شناخت 65 سالہ راشد کے نام سے کی گئی جبکہ زخمی ہونے والے 26 سالہ صابرکوطبی امدادفراہم کی جا رہی ہے۔ حادثہ نامعلوم گاڑی ی موٹر سائیکل کوٹکر کے باعث پیش آنے کا بتایا جارہا ہے۔ تاہم، پولیس مزید معلومات حاصل کر رہی ہے۔ دریں اثنا مین کورنگی روڈقیوم آباد چورنگی کےقریب ٹریفک حادثے میں ایک شخص جاں بحق ہوگیا۔ متوفی کی لاش چھیپا ایمبولینس کے ذریعے جناح اسپتال لیجائی گئی۔ ریسکیو حکام کا کہنا ہے کہ متوفی کی شناخت 45 سالہ محمد ناظم کے نام سے کی گئی جوکہ موٹر سائیکل پر سوار تھا جبکہ حادثہ بس کی زد میں آنے کا بتایا جارہا ہے تاہم پولیس واقعہ کی مزید تحقیقات کررہی ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 26

شناخت کے لیے فوری اقدامات اور شناختی کارڈ منسوخ کرنے کا حکم دے دیا۔ ایکسپریس نیوز کے مطابق وزیرداخلہ محسن نقوی نے نادرا کو ہدایت دی ہے کہ فوٹیجز کے ذریعے حملہ آوروں کی نشاندہی کی جائے، حملہ آوروں کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے گی، ان کے خلاف پاکستان میں ایف آئی آر درج کرکے مزید کارروائی کی جائے گی، حملہ آوروں کے شناختی کارڈ بلاک اور پاسپورٹ منسوخ کیے جائیں گے۔ محسن نقوی نے کہا کہ جنہوں نے حملہ کیا ان کی شہریت منسوخ کرنے کے لیےفوری کارروائی کی جائے گی، شہریت منسوخی کا کیس منظوری کے لیے کابینہ بھیجا جائے گا، کسی کوبھی اس طرح کے حملے کی اجازت نہیں دی جاسکتی، لندن میں پاکستانی ہائی کمشنر کی کار پربھی حملہ ہوا ہے ہم اس واقعہ پر خاموش نہیں بیٹھ سکتے، سابق چیف جسٹس قاضی فائز عیسی کو دھمکیوں کا سامنا تھا تو سکیورٹی کیوں فراہم نہیں کی گئی۔

بقیہ روزنامہ تشکر 27

ہیں اوران شہدا کی قربانیوں کاثمر ہے کہ پاکستان کے طول عرض میں آج ایم کیوایم کا پیش کردہ فلسفہ جو غریب اور متوسط طبقے کی نمائندگی میں پھیل رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج ہرسیاسی جماعت غریب اورمتوسط طبقے کی بات کرتی ہے لیکن اس پرعمل نہیں کرتی آج کے دن تمام ذمہ داران وکارکنان کی یہ ذمہ داری ہے کہ نچلی سطح پرعوام کے درمیان موجود رہیں اوران کے دکھ درد میں برابر کے شریک ہوں اور پریشانیوں کوحل کرنے کی ہرممکنہ کوشش کریں۔ ڈاکٹر خالدمقبول صدیقی نے کہا کہ آج 38 سال گزر جانے کے بعدبھی ہمارے پیاروں کے قاتل گرفتار نہ کئے جاسکے، سانحہ سہراب گوٹھ اور مارکیٹ چوک حیدرآباد کے سانحے میں ملوث دہشت گرد آج ناکامی کا سامنا کررہاہے اورشہدائے 31 اکتوبر کے خون کا صدقہ ہے کہ تنظیم اورمہاجر شناخت آج بھی زندہ ہے۔ ڈاکٹر خالدمقبول صدیقی نے دعا کی کہ اللہ تعالی 31 اکتوبر 1986 کے شہدا سمیت تمام حق پرست شہدا کے درجات بلند فرمائے اور جنت الفردوس میں اعلی مقام عطا فرمائے۔ علاوہ ازیں ڈاکٹرخالدمقبول صدیقی نے مطالبہ کیا کہ 31 اکتوبر 1986 سانحہ سہراب گوٹھ سمیت تمام سانحات کی تحقیقات کیلئے عدالتی کمیشن تشکیل دیاجائے جوصاف وشفاف طریقے سے تحقیقات کر کے قاتلوں کوقرار واقعی سزادے۔ دوسری جانب متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کے مرکزی راہنما سید مصطفیٰ کمال نے مرکزی جوائنٹ انچارج کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی(KMOC) مقبول ابڑو سے ملاقات کی اوران کے بیٹے بابل ابڑو کی وفات پر تعزیت پیش کی۔ اس موقع پرفاتحہ خوانی بھی کی گئی۔ اس ملاقات میں سینٹرل آرگنائزنگ کمیٹی کےاراکین مظہرمقصود، نعیم خان، ٹاٹن آرگنائزرکورنگی زمان ٹان اخلاق احمد فاروقی، حق پرست رکن سندھ اسمبلی نجم مرزا، یوسی ذمہ داران، کارکنان اورعلاقہ عوام کی بڑی تعدادموجودتھی۔

بقیہ روزنامہ تشکر 28

سینٹی گریڈٹمپریچرریکارڈ کیا گیا تھا، جبکہ 2017 میں 41.8 ڈگری سینٹی گریڈ ٹمپریچرریکارڈ کیا گیا۔ انجم نذیرنے بتایا کہ نومبر میں تقریبا 10 تاریخ کے بعد کراچی کا موسم معتدل ہونا شروع ہو جائے گا، جبکہ کراچی میں سردی 15 دسمبر سے لے کر جنوری کے آخر یا فروری کی ابتدائی دنوں تک رہتی ہے، اس سال بھی کراچی میں جوسردی ہے وہ اس کا ٹائم پیریڈ یہی رہے گا۔ ان کا یہ بھی کہنا تھا کہ کراچی میں خشک سردی دیکھنے کو ملے گی اس سال سردی جوزیادہ سخت ہوگی، سائبیرین ہوائیں ہمارے خطے کو زیادہ متاثر کریں گی۔

بقیہ روزنامہ تشکر 29

کرانے کی سہولت پرکام کررہے ہیں۔ سندھ اسمبلی کا اجلاس اسپیکراویس قادر کی زیرصدارت ہواجس میں محکمہ ایکسائز سے متعلق وقفہ سوالات ہوا۔ فوزیہ حمید نے سوال کیا کہ آن لائن سروسز میں جولوگ ایپ استعمال نہیں کرسکتے ان کے لیے منسٹری کیا کررہی ہے؟ شرجیل انعام میمن نے جواب دیا کہ ایکسائز میں کافی اصلاحات لیکرآئے ہیں، سوک سنٹر میں ایجنٹس گھومتے تھے، اب وہاں ٹوکن سسٹم ہے، اے سی اور پانی موجود ہے، ہم نے کوشش کی ہے پورے سسٹم کوآن لائن کرلیں، جولوگ انٹرنیٹ استعمال نہیں کرتے ان کو بینک کا چالان ملے گا اورخود بھریں گے، کیش لانے کی ضرورت نہیں ہوگی۔ شرجیل انعام میمن نے کہا کہ ایپ بہت ہی آسان ہے جسے سب استعمال کرسکتے ہیں، اب ہم ایک اورکام کررہے ہیں، گاڑی گھربیٹھے رجسٹرہوگی، واحدصوبہ ہے جہاں اس طرح کا کام ہورہا ہے، کوئی بھی غیررجسٹرڈ گاڑی شوروم اور پورٹ سے باہرنہیں نکل سکے گی، گاڑی پہلےشوروم پررجسٹرہوگی پھر باہر نکلے گی۔

بقیہ روزنامہ تشکر 30

فیصلوں کوبھی ہندوں کے خلاف قراردے کرعوام کے جذبات بھڑکانے کی بھرپورکوشش کی جارہی ہے۔ تلنگانا کے دارالحکومت حیدرآباد (دکن) میں پولیس نے ایک ماہ کے لیے ہرطرح کے اجتماعات، دھرنوں اورجلوسوں پر پابندی عائد کردی ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ یہ اقدام امن عامہ کی خاطرکیا گیا ہے تاکہ شہر میں نظم وضبط برقرار رہے اور کہیں کوئی ناخوش گوار واقعہ رونما نہ ہو۔ بھارتیہ جنتا پارٹی کے لیڈر امیت مالویہ نے حیدرآباد پولیس کے اقدام کی مذمت کرتے ہوئے اِسے اینٹی ہندواورمغل شہنشاہ اورنگ زیب عالمگیرکونئی زندگی دینے کے مترادف قرار دیا ہے۔ امیت مالویہ کا کہنا ہے کہ دیوالی کی آمد پراس نوعیت کےاقدام سےصاف اندازہ ہوتا ہے کہ اس کا مقصدصرف ہندوں کونشانہ بنانا ہے تاکہ وہ بھرپور جوش وخروش کے ساتھ دیوالی نہ مناسکیں۔ امیت مالویہ کہتے ہیں تلنگانا میں کانگریس کی حکومت ہے جو سیکولر جماعت ہےاور ہندوں کے جذبات کا احترام کرنانہیں جانتی۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ اقدام صرف اس لیے کیا گیا ہے کہ ریاست کے ہندواپنا سب سے بڑا تہوار دیوالی پورے جوش وخروش کے ساتھ نہ مناسکیں۔ امیت مالویہ کا یہ بھی کہنا تھا کہ دھنتیر اس کےتہوار کےموقع پربھی ایسا ہی اقدام کیا گیا تھااور ہندواپنا محبوب تہوارکھل کرمنانے سے قاصر رہے تھے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 31

سندھ پرکینال بنائی گئی تو پھر دمادم مست قلندرہوگا۔ ۔بدھ کوکراچی پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے عاجز دھامرانے کہا کہ ملک میں ایک بڑا شور تھا کہ 26 ویں آئینی ترمیم منظور ہوئی، بڑی چہ میگوئیاں تھی کہ پارلیمنٹ کیا کر رہی ہے جبکہ پارلیمنٹ اپنا کام کررہی تھی اس کے کام سے تکلیف کس کو ہوتی ہے؟ انہوں نے کہا کہ پارلیمنٹ میں تمام جماعتوں کے درمیان ہم آہنگی کی ضرورت ہوتی ہے، جب بھی آئین بنانے کی بات ہوتی ہے تو پیپلز پارٹی ہراول دستے کا کام کرتی ہے۔ رہنما پیپلز پارٹی نے کہا کہ شہید ذوالفقارعلی بھٹونے آئین کی شکل میں ملک کولباس پہنایا تھا، جب آئین پرقدغن لگائی گئی تھی تب بھی پی پی نے کردارادا کیا۔ 2006 میں بےنظیر بھٹونے بڑی سیاسی مخالف جماعت کے ساتھ میثاق جمہوریت کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ صدرآصف علی زرداری نے اپنے اختیارات پارلیمنٹ کومنتقل کیئے، صدرزرداری نے کہا پارلیمنٹ مضبوط ہوگی تو ملک مضبوط ہوگا، صدرآصف علی زرداری نے ایوان صدر سے وہ قلم اٹھا کر پھینک دیا جس سے پارلیمنٹ کوختم کیا جاتا تھا۔ انہوں نے کہا کہ 18 ویں ترمیم پر 10 ماہ تک کام ہوتا رہا، بلاول بھٹو نے ایک بار پھر تمام جماعتوں کوایک پلیٹ فارم پر بٹھایا، بلاول نے مولانا فضل الرحمٰن کواعتماد میں لیا، ملک کی بدترین غیرسیاسی جماعت کوبھی موقع فراہم کیا گیا۔ بلاول بھٹوزرداری کی یہ دانشمندی تھی۔ عاجز دھامرانے کہا کہ بلاول بھٹوزرداری نوجوانوں کے لیڈراور پاکستان کی امید ہیں، اگرکوئی جمہوریت کے خلاف سازش کرے گا تو بلاول اس کو ناکام کریں گے۔ عاجز دھامرانے کہا کہ 26 ویں آئینی ترمیم کے بینیفشری 25 کروڑ عوام ہیں۔ سپریم کورٹ بار کےانتخابات میں بھی اس سوچ کوشکست ہوئی ہے۔ اچھا ہوتا کہ یہ 26 ویں آئینی ترمیم کی مخالفت پارلیمنٹ کے اندر کرتے۔ انہوں نے کہا کہ وکلا نے 26 ویں ترمیم کی حمایت کی ہے، سینیٹ اور قومی اسمبلی میں اس آئینی ترمیم کی مخالفت میں ووٹ نہیں آیا۔ انہوں نے کہا کہ اس پر کوئی قدغن نہیں ہے کہ آئندہ آئینی ترمیم نہ ہوں۔ جب بھی ضرورت پڑی تو مزید آئینی ترمیم ہوگی۔ 27 ویں ترمیم پراس وقت کوئی بحث نہیں لیکن 27 ویں ترمیم پرکوئی پابندی بھی نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ دریائے سندھ میں کینال بنانے کی پیپلز پارٹی نے سخت مذمت کی ہے۔ ارسا ایکٹ کی بات کی گئی تھی اس کی ہم نے مخالفت کی تھی۔ یہ چھ کینال کی بات کر رہے ہیں اگرایک بھی کینال بنایا گیا تو پیپلز پارٹی دمادم مست قلندرکرے گی۔ کینال اورڈیم وہاں بنتے ہیں جہاں پانی زیادہ ہو۔ سندھ میں پانی کی پہلے ہی کمی ہے توکینال کیسے بن سکتے ہیں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 32

کیا۔ گورنرسندھ نے اس موقع پرکہا کہ آرٹ کونسل شہرقائد کی رونق کی بحالی میں ایک اہم کرداراداکررہی ہے۔ ورلڈ کلچر فیسٹیول میں جرمنی کے فنکاروں کی شاندار پرفارمنس کی تعریف کرتے ہوئے، ٹیسوری نے کہا کہ ایسے فیسٹیولز عالمی سطح پر پاکستان کا مثبت امیج اجاگرکرتے ہیں۔ انہوں نے 38 روزہ فیسٹیول کے انعقاد پرمنتظمین اور آرٹ کونسل کی انتظامیہ کو مبارک باد دی۔ گورنرسندھ نے مزید کہا کہ دشمن عناصر پاکستان کا منفی امیج بنانے کی کوشش کر رہے ہیں، لیکن اس فیسٹیول کی بدولت اصل حقائق دنیا کے سامنے آئیں گے۔ انہوں نے کراچی کومعاشی حب قرار دیتے ہوئے، وزیراعظم اورسپہ سالارسید عاصم منیر کی محنت کا ذکرکیا۔ آخر میں، گورنرسندھ نے ورلڈ کلچر فیسٹیول کے دوران جرمنی کے قونصل جنرل کو شیلڈ بھی دی۔

بقیہ روزنامہ تشکر 33

ڈویلپمنٹ اینڈ مینجمنٹ کمپنی کی معاونت سے صنعت کےفروغ اورمعیشت کومستحکم کرنے کے لیےون ونڈو آپریشنز کے ذریعے سرمایہ کاروں کی سہولت کے لیے صنعتی پارکس کے قیام پرکام ہورہا ہے۔ اس سلسلے کی ابتدا ملیر میں انڈسٹریل پارک کے قیام سے کی جارہی ہے جس سے کاروباری اداروں کو اہم تجارتی اور لاجسٹک راستوں تک بغیرکسی رکاوٹ کے رسائی ملے گی۔ ملیرانڈسٹریل پارک ایک کاروباری پارک یا آفس پارک کی مانند ہوگا جو بھاری صنعت کے بجائے چھوٹی صنعتوں اورمختلف صنعتی دفاتر پرمشتمل ہوگا۔ ملیرانڈسٹریل پارک اپنے قیام کے بعدسے بلا تعطل بنیادی ڈھانچے اور سیکیورٹی سمیت دیگر سہولیات بھی فراہم کرے گا جس سے یہ کراچی کے دوسرے زونز سے ممتاز ہوگا۔ اس منصوبے کے تحت پہلے پانچ سالوں میں دولاکھ سے زائدملازمتیں فراہم کی جائیں گی جن کے باعث ملک میں بیروزگاری پر قابو پانے میں معاونت ملے گی۔ اس منصوبے سے بہترین استفادہ حاصل کرنے کے لیے کراچی کی ایک معروف کمپنی کورنگی ایسوی ایشن آف ٹریڈ اینڈ انڈسٹری کو بھی ملیرانڈسٹریل پارک کی ایڈوائزری کونسل میں شامل کیا جائے گا نیشنل ہائی وے اورملیر ایکسپریس وے سمیت بڑی شاہراہوں کے سنگم پر واقع یہ پارک کراچی پورٹ اور جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ سیراہ راست جڑتا ہے، جومقامی اور بین الاقوامی منڈیوں تک فوری اورموثر رسائی کویقینی بنا ئے گا۔ بلاشبہ ایس آئی ایف سی کے اس اقدام سے نئے صنعتی پارکوں کے قیام کے نتیجے میں برآمدات میں اضافہ اورروزگار کےمواقع پیدا ہوں گے جوقومی معیشت کے فروغ میں مددگارثابت ہوں گے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 34

سوار 2 ڈاکوؤں نے صبح سویرے شہریوں کو لوٹ لیا۔ تفصیلات کے مطابق کراچی کے علاقے گلشن حدید میں موٹرسائیکل سوار 2 ملزمان نے صبح سویرے لوٹ مارکی ہے، شہری اورملزمان میں فائرنگ کی سی سی ٹی وی فوٹیج بھی سامنے آ گئی۔ 2 ملزمان نے رینٹ اے کار کے آفس میں شہریوں سے لوٹ مار کی اور ملزمان نے جاتے ہوئے نئی موٹرسائیکل کی چابی بھی مانگی، چابی نہ ملنے پرملزمان اپنی موٹر سائیکل پر جانے لگے۔ دکاندار نے ملزمان کے جاتے ہی فائرنگ کردی، ملزمان نے شہری پرجوابی فائرنگ کی اورگولی کار کے شیشے پر لگی تاہم ملزمان موبائل فون، نقدی چھین کرفرار ہوگئے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 35

بشری اقبال نے سوشل میڈیا پرایک پبلک نوٹس شیئر کیا، جس میں انہوں نے تمام میڈیا چینلز، قانونی مشیروں، سوشل میڈیا پلیٹ فارمز، اور عوام سے باضابطہ درخواست کی کہ دانیہ ملک کومرحوم عامرلیاقت کی بیوہ نہ کہا جائے۔ بشری اقبال کے جاری کردہ پبلک نوٹس کے مطابق عامرلیاقت کی وفات کے وقت دانیہ ان سے طلاق یافتہ تھیں اور اب وہ حکیم شہزاد کے ساتھ شادی کرچکی ہیں۔ نوٹس میں واضح کیا گیا ہے کہ دانیہ کا مرحوم عامرلیاقت کے ساتھ شادی کا کوئی ریکارڈ نادرا کے سسٹم میں موجودنہیں ہے، عدم ثبوت اورفتوی کی بنیاد پر دانیہ کو عامرلیاقت کی بیوہ قرار نہیں دیا جا سکتا، اور نہ ہی وہ عامرلیاقت کی وراثت میں کوئی حق دار ہیں۔ یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ ٹک ٹاکر دانیہ مرحوم عامرلیاقت کی تیسری اہلیہ تھیں۔ عامرلیاقت 9 جون 2022 کو انتقال کر گئے، اوراس کے بعد دانیہ نے ان کی جائیداد میں حصہ طلب کیا تھا۔ دانیہ کی اس درخواست نے تنازعہ کو مزید بڑھا دیا۔ بشری اقبال نے اس کے علاوہ دانیہ ملک پرالزام عائد کیا کہ انہوں نے عامرلیاقت کے ساتھ شادی نہیں کی، بلکہ مالی فائدے کے لیے ایک ڈیل کی تھی۔ بشری اقبال اوران کی بیٹی نے دانیہ کے خلاف مقدمہ بھی دائرکیا، جس میں انہوں نے دانیہ کو عامرلیاقت کی موت کی وجہ قرار دیا۔ مزید برآں، 2022 میں دانیہ کوعامرلیاقت کی نازیباویڈیوز لیک کرنے کے الزام میں گرفتار کیا گیا تھا۔ کئی ماہ بعد، عدالت نے ان کی ضمانت منظور کرتے ہوئے رہائی کا حکم جاری کیا تھا، جس نے ان کے معاملے کومزید پیچیدہ بنادیا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 36

واقعہ پیش آیا جس میں اہم پیش رفت سامنے آئی ہے۔ پولیس نے واقعے کی تحقیقات کا دائرہ وسیع کردیا جبکہ متاثرہ غیرملکی شہریوں نے خاکوں اور تصاویرکی مدد سے ملزمان کی شناخت کرلی۔ پولیس ذرائع کے مطابق ملزمان پہلے بھی اس قسم کی وارداتوں رہے ہیں۔ پولیس نے پولش شہریوں کو 10 سے زائد مشتبہ افراد کی تصاویراور خاکے دکھائی گئے۔ پولش شہریوں نے 2 ملزمان کوتصاویراورخاکوں کی مدد سے شناخت کرلیا ہے۔ شناخت کیے گئے دونوں ملزمان کی تلاش جاری ہے پولیس کے مطابق دونوں ملزمان ماضی میں اسلام آباد میں 2 اورکراچی میں ایک واردات میں ملوث رہے۔ خیال رہے کہ پولش شہری ڈی ایچ اے کراچی میں رہائش پذیر تھے۔ پولیس کے مطابق غیرملکی شہریوں نے فارنرز سکیورٹی سیل سے باقاعدہ سکیورٹی نہیں لی تھی، سی سی ٹی وی روٹ سے لگتا ہے کہ ملزمان کالا پل کے راستے ڈیفینس پہنچے تھے۔ کراچی پولیس نے دونوں ملزمان کی گرفتاری کیلئے اسلام آباد پولیس سے بھی رابطہ کرلیا ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 37

کےسینئرمرکزی رہنمااوررکن قومی اسمبلی ڈاکٹرمحمدفاروق ستار کی سربراہی میں ڈپٹی وزیراعظم/ وزیر خارجہ جناب اسحاق ڈار سے وزارت خارجہ کے آفس اسلام آباد میں ملاقات کی۔ ڈپٹی وزیراعظم اسحاق ڈارنے وفدکوخوش آمدید کہا۔ وفدمیں پاکستانی کمیونٹی کے نمائندہ اراکین جن میں عمرریاض، سید حارث، چوہدری اسلم، عمران صدیقی، سکندر بخاری اور احمد سبحانی شامل تھے۔ ملاقات میں پاک عمان تعلقات کو بہتر بنانے اور کاروباری، تجارتی صنعتی سرگرمیوں سمیت اوورسیز پاکستانیوں کودرپیش مسائل اورمختلف امور پرتبادلہ خیال کیا گیا۔ ڈپٹی وزیراعظم اسحاق ڈار نے پاکستانی کمیونٹی کے نمائندہ وفدکوحکومت پاکستان کے ہرممکن تعاون اور اوورسیز پاکستانیوں کو درپیش مسائل حل کرنے کا یقین دلایا۔ ڈپٹی وزیراعظم نے ڈاکٹر فاروق ستارکی اوورسیز پاکستانیوں کے لئے کی جانے والی خدمات کوبھی سراہا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 38

پیک کوآگے بڑھانے میں سب سے بڑی رکاوٹ ہے، اس کے بغیر یہ نہیں چل سکتا، 6 ماہ میں 2 مہلک حملے ناقابل قبول ہیں، حکومت پاکستان کوچین مخالف دہشت گردوں کے خلاف کریک ڈاؤن کرنا ہوگا۔ جب تک محفوظ ماحول فراہم نہیں کیا جاتا یہ پروگرام آگے نہیں بڑھ سکتا۔ منگل کو پاکستان چائنہ انسٹیٹیوٹ کے زیراہتمام 75 at China سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے چینی سفیر نے کہا انھیں امید ہے کہ پاکستان چینی شہریوں، اداروں اور منصوبوں کی سیکیورٹی کومضبوط بنائے گا۔ پاکستان کو ان لوگوں کوسخت سزا دینی چاہیے جوچینی شہریوں پرہونے والے مہلک حملوں میں ملوث ہیں۔ چینی سفیر کا کہنا تھا کہ ان کے صدرژی جن پنگ اپنے شہریوں کی سلامتی کے بارے میں بہت فکرمند ہیں، وہ اپنے لوگوں کی زندگیوں کوباقی ہرچیز پرفوقیت دیتے ہیں۔ جب کبھی بھی ان کی پاکستانی قیادت سے ملاقات ہوئی ہے تو انہوں نے پاکستان میں موجود چینی شہریوں، اداروں اور پراجیکٹس کی سکیورٹی کے بارے میں بات کی ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 39

کیا گیا۔ میڈیا بریف کے دوران پیٹرن پاکستان نیوی گالف (نارتھ) کموڈورثاقب الیاس نے ایونٹ کے مختلف پہلوں اورمختلف کیٹیگریز میں اس کے انعقاد کے حوالے سے آگاہ کیا۔ سی این ایس امیچور گالف کپ کے میچز چار بڑی کیٹیگریز میں کھیلے جائیں گے جن میں امیچورز، خواتین، سینئرز اور جونیئرز کے مقابلے شامل ہیں۔ اس کے علاوہ مہمانوں اور اسپانسرز کے لیے دوستانہ میچ بھی کھیلا جائے گا۔ چیف آف دی نیول اسٹاف امیچورگالف کپ 2007 سےقومی گولف سرکٹ کا ایک باقاعدہ اور بڑا ایونٹ ہے۔ یہ ایونٹ گالف کے مقابلوں کے ساتھ ساتھ دنیا کے سامنے پاکستان کے مثبت تاثرکو اجاگرکرنے اور معاشرے میں صحت مند سرگرمیوں کے فروغ کے لیے ایک اہم پلیٹ فارم فراہم کرتا ہے۔ گزشتہ سال ملک بھر سے تقریبا 300 گالفرز نے چیف آف دی نیول اسٹاف امیچورگالف کپ میں حصہ لیا؛ جس کا ٹائٹل مارگلہ گرینز گالف کلب کے ارتضی حسین نے اپنے نام کیا جوکہ اپنے اعزاز کا دفاع کریں گے۔ اس ایونٹ کا باقاعدہ انعقادقومی اور بین الاقوامی سطح پرگولف کے فروغ کے لیے پاک بحریہ کےعزم کا مظہر ہے۔ مقابلے کی افتتاحی تقریب میں سول وملٹری افسران، اسپانسرز، گالف کے کھلاڑیوں اورمیڈیا نمائندگان نے شرکت کی۔

بقیہ روزنامہ تشکر 40

زیرصدارت 4 نومبر کو ہوگا، اجلاس میں ملک کی مائیکرو اور میکرو صورتحال کے ساتھ بین الاقوامی حالات کے جائزہ لیا جائے گا، جس کے بعد پالیسی ریٹ کا اعلان کیا جائے گا۔ اقتصادی تجزیہ کاروں کا کہنا ہے کہ افراط زر کی شرح سنگل ڈیجٹ پرانے کے بعدشرح سود میں 2 فیصدتک کی کا امکان ہے، اس وقت بنیادی شرح سود 17 اعشاریہ 5 فیصد ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 41

کی حدودعلی جان مری میں پیش آیا۔ پولیس کے مطابق ملزم نے فائرنگ کرکے اپنی ماں کنکا، دو بہنوں دھڑکی اور رادھا اور بہنوئی رنیجھو کو گھر کے فائرنگ کرکے موت کی نیند سلا دیا۔ ڈی ایس پی پرویز اختر نے کہا کہ ملزم اپنوں میں شادی کرنا چاہتا تھا لیکن گھر والےنہیں مان رہے تھے کیونکہ بھیل برادری کےلوگ اپنوں میں شادی نہیں کرواتے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 42

کالجوں کی مرمت کیلئے سندھ حکومت نے ایک ارب تین کروڑ روپے مختص کردیے۔ تفصیلات کےمطابق جناح اسپتال کے رہائشی بلاک کے لئے دوکروڑ ساٹھ لاکھ روپے رکھ دیئے گئے۔ جناح اسپتال کراچی۔ لیاری ہسپتال۔ شہید بینظیر بھٹومیڈیکل کالج لیاری کی مرمت ہوگی اور لیاقت یونیورسٹی ہسپتال جامشورو۔ پیپلز میڈیکل کالج ہسپتال نوابشاہ۔ چانڈکا میڈیکل کالج اسپتال لاڑکانہ۔ غلام محمد مہرمیڈیکل کالج اسپتال سکھرکی بھی مرمت ہوگی۔ اس کے ساتھ جناح پوسٹ گریجویٹ میڈیکل سینٹر کراچی۔ خیر پور میڈیکل کالج اسپتال کی مرمت اورخیرپورمیڈیکل کالج۔ نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف چائلڈ اسپتال کراچی کی بھی مرمت کی جائے گی۔ سندھ حکومت نے مجموعی طورپرایک ارب پانچ کروڑستانوے لاکھ روپے مختص کردیئے گئے ہیں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 43

کہ وہ اپنی نشریات کوصرف آڈیوتک محدود کردیں۔ ذرائع نے اطلاع دی ہے کہ افغانستان میں نیشنل ریڈیواورٹیلی ویژن کے ڈائریکٹرجنرل قاری یوسف احمدی نے گزشتہ ہفتے ٹیلی ویژن اورریڈیوکی شاخوں کے سربراہوں سے ملاقات کی اور انھیں بتایا کہ طالبان رہنما ملاھیبت اللہ اخوندزادہ نے ان پردباو ڈالا ہے کہ وہ ٹیلی ویژن چینلوں کی نشریات بند کردیں کیونکہ وہ جانداروں کی تصویرکشی کرتے ہیں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 44

کا پہلا کیس رپورٹ ہوگیا، قومی ادارہ صحت کی لیبارٹری نے بھی بچے میں ٹائپ ون پولیووائلڈ وائرس کی تصدیق کردی۔ بلوچستان سے پولیوکیسز کی مجموعی تعداد 22 تک پہنچ گئی جبکہ ملک بھر میں رواں سال پولیوکیسز کی تعداد 43 ہوگئی۔

بقیہ روزنامہ تشکر 45

آئین کہتا ہے قرآن وسنت کے منافی کوئی قانون نہیں ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ آئین میں عوام کی شراکت داری کوتسلیم کیا گیا ہے، عوام پرکسی کومسلط نہیں کیا جاسکتا، حکمرانی کا حق عوام کے منتخب کردہ نمائندوں کو ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ پارلیمنٹ کی خودمختاری سے کبھی انکارنہیں کیا گیا، ملک بنتے وقت طے ہواتھا 2 سال میں بھارت، پاکستان نے اپنا اپنا آئین بنانا ہے، بھارت نے اپنا آئین بنالیا پاکستان طویل عرصے تک بےآئین رہا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 46

70 پیسے کی کی گئی ہے۔ ماہ ستمبر کے ایف سی اے کی مد میں درخواست پرسماعت مکمل ہوگئی ہے، نیپرا قیمتوں میں کمی سے متعلق حتمی نوٹیفکیشن بعد میں جاری کرے گا۔ سی پی پی اے حکام کے مطابق ستمبر کے ایف سی اے میں ماہانہ 10 فیصد اور سالانہ چھ فیصد کمی بنتی ہے، ستمبر میں یومیہ زیادہ سے زیادہ 17 ہزار میگاواٹ بجلی کی پیداوار رہی جب کہ ستمبر میں بجلی کی کم سے کم پیداوار 13 ہزار میگاواٹ رہی۔

بقیہ روزنامہ تشکر 47

لینے کے لیے اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈی آئی جی ایڈمن، ڈی آئی جی اسپیشل برانچ، ڈی آئی جی ٹریفک، ڈی آئی جی سی آئی اے، زونل ڈی آئی جیز، ضلعی ایس ایس پیز، ایس پی سیکیورٹی، اورایس پیز انویسٹی گیشن سمیت دیگر اعلی افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران پولیس افسران نے آئیڈیاز 2024 کی سیکیورٹی اور شہر میں جرائم کے خلاف اقدامات پرتفصیلی بریفنگ دی۔ ایڈیشنل آئی جی نے سیکیورٹی حکمت عملی اور لائحہ عمل کے موثر نفاذ کے ساتھ ساتھ ٹریفک کی روانی کوبھی بہتر بنانے کے احکامات جاری کیے۔ انہوں نے ایئرپورٹ اور ایکسپوسینٹر کے اطراف، متعلقہ راستوں اورغیرملکی مہمانوں، خاص طور پرچینی مہمانوں کی رہائش گاہوں کی سیکیورٹی کوفول پروف بنانے کی ہدایت کی۔ اجلاس میں یہ بھی فیصلہ کیا گیا کہ نمائش میں شرکت کرنے والے غیرملکی شخصیات اورشہریوں کی سیکیورٹی کوغیرمعمولی بنایا جائے گا۔ رینڈم اسنیپ چیکنگ، پیٹرولنگ، اور انٹیلی جینس بیسڈ کارروائیوں کویقینی بنانے کے ساتھ ساتھ شہر کے داخلی اور خارجی راستوں پرناکہ بندی میں اضافہ اورکومبنگ آپریشنز میں تیزی لانے کےاحکامات بھی دیے گئے۔ مزید یہ کہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف سخت قانونی کارروائی کرنے کا فیصلہ کیا گیا، اورجعلی نمبر پلیٹس اورٹنٹڈ گلاس والی گاڑیوں کے خلاف بھی سخت اقدامات اٹھائے جائیں گے۔ ٹریفک پلان پرعمل درآمد اور متبادل روٹس سے متعلق شہریوں کی آگاہی بھی یقینی بنانے کی ہدایت کی گئی۔

بقیہ روزنامہ تشکر 48

دفاع وطن کا مقدس فریضہ سرانجام دیا، شہید نے سوگواران میں اہلیہ اورایک بیٹی شامل ہے۔ ترجمان پاک فوج نے بتایا کہ اسی طرح نائیک آزاداللہ شہید کا تعلق ضلع کرک سے ہے، ان کی عمر 36 سال ہے، انہوں نے اپنی زندگی کے 15 سال پاک فوج میں رہتے ہوئے وطن عزیز کادفاع کیا جبکہ سوگواران میں اہلیہ، دو بیٹے اور بیٹی شامل ہیں۔ آئی ایس پی آر کے مطابق 35 سالہ لانس نائیک غضنفر عباس شہید کا تعلق ضلع لیہ سے ہے، نائیک غضنفرعباس شہید نے 14 سال تک وطن عزیز کیدفاع کا فریضہ سرانجام دیا، نائیک غضنفرعباس شہید کے سوگواران میں اہلیہ، بیٹی اورایک بیٹا شامل ہیں۔ ترجمان پاک فوج کا مزید کہنا تھا کہ علاقے سے دہشتگردوں کا صفایا کرنے کے لیے کلیرنس آپریشن جاری ہے، سیکیورٹی فورسز دہشت گردی کی لعنت کوختم کرنے کے لیے پرعزم ہیں اور ہمارے بہادر جوانوں کی ایسی قربانیاں ہمارے عزم کومزید مضبوط کرتی ہیں۔